McGill University Library
3 103 078 147 3

ISLM

BP80
A289
K49
1926

McGill University
Library
3370420

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ

خدایا ہمیں بخشدے اور ہمارے اُن ایماندار بھائیوں کو جو ہم سے پہلے گذر چکے

الحمد للہ علی طبع کتاب

ترجمۃ الامام ابی حنیفۃ النعمان بن ثابتؒ امام اھل الرای

منقولۃ من

تاریخ بغداد

للامام العلامۃ المحدث ابی بکر الخطیب البغدادیؒ المتوفی سنۃ ۴۶۳ھ

المحفوظ بدار الکتب السلطانیۃ المصریۃ نمبرۃ ۴۰ (تاریخ)

مع ترجمہ اردو بہ نام

امام محمدی

مترجمہ

جناب مولانا مولوی محمد صاحب مدرس مدرسہ محمدیہ و اڈیٹر اخبار محمدی دہلی

جس میں حضرت امام ابو حنیفہؒ کی پوری سوانحعمری اور آپ کی نسبت

بڑے بڑے بزرگ محدثین اور فقہا کی موافق مخالف رائیں درج ہیں

بماہِ ذی الحجہ سنہ ۱۳۴۵ھ

بفرمائش جناب مترجم صاحب جیّد برقی پریس دہلی میں طبع ہوئی

ملنے کا پتہ

دفتر اخبار محمدی اجمیری دروازہ دہلی

قیمت ۱۲

تعداد ۱۰۰۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمہید

صرف ٹائٹیل پر نظر پڑتے ہی آپ کو معلوم ہو گیا ہوگا کہ یہ کتاب میری تصنیف نہیں، بلکہ چوتھ
صدی کے ایک بزرگ محدث کی یادگار ہے، اس میں حضرت امام ابوحنیفہؒ کے بہت سے مناقب بھی آپ
دیکھیں گے اور بہت سے مثالب بھی، جو یقیناً ابتک آپکی نظر سے نہ گذرے ہونگے، جسطرح مناقب کی نسبت
میری طرف نہیں ہوسکتی اسیطرح مثالب کی بھی، میرا حصہ اس کتاب میں صرف اتنا ہی ہے کہ میں نے اسکا ترجمہ کر
اور ایک بزرگ محدث کی قابلقدر یادگار کو محفوظ کرکے برادران اسلام کو متمتع ہونیکا موقع دیا، ہم امام صاحب
کی بزرگی فقاہت زہد و تقوی کو تسلیم کرتے ہیں، جرح و تعدیل کوئی نئی چیز نہیں جب سے اسلام اور روایاتِ اسلا
ہیں تب سے تنقید و تحقیق کا محکمہ بھی قائم ہے۔ امام خطیب رحمۃ اللہ علیہ نے بے لاگ مناقب و مثالب کے دونو
پہلو دنیا کے سامنے رکھدئیے ہیں تاکہ لوگ بآسانی صحیح نتیجہ تک پہنچ سکیں اور افراط تفریط سے نجات
پاسکیں، یہ ظاہر ہے کہ معصوم و مطاع ذات صرف حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی ہے اور بس
جنابِ باری عز اسمہ سے میری التجا ہے کہ وہ مالک ہمیں اپنی اور اپنے نبی کی اور اپنے تمام نیک بند
کی اون کے مراتب کے مطابق محبت عطا فرمائے اور افراط تفریط سے بچائے آمین!!! محمد

خوشخبری حضرت امام خطیب رحمۃ اللہ علیہ کی ایک اور قابلِ قدر مفید تر تصنیف بھی اسیطرح
ترجمہ سمیت چھپوالی ہے جسکا نام "شرف اصحاب الحدیث" ہے سچ تو یہ ہے کہ حدی
کی عظمت و حرمت، قدر و عزت اس کتاب کے مطالعہ سے ہی معلوم ہوسکتی ہے، محدثین اور طالبِ حدی
اور اہلحدیث کی مدحت و فضیلت کا اظہار بھی یہی کتاب کرتی ہے، اس میں بالوضاحت بادلیل اس بات کا بی
ہے کہ عاملِ حدیث جماعت ہی ناجی گروہ وارث الرسولؐ خلیفۂ پیغمبر وصیٔ رسولؐ اور حق و رشد والے ہیں۔ ا
جماعت کے نائبِ نبی ہونے ابدال و اولیاء اللہ ہوتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے امین اور دینِ خدا کے حامی ہون
امور کا بیان ہے، حفظِ حدیث، طلبِ حدیث کتابتِ حدیث تبلیغِ حدیث قراءتِ حدیث سفر بہ طلبِ حدیث
فضائل کا بیان بھی ہے، غرض ہر عامی اور ہر عالم اس کتاب کا محتاج ہے۔ الحمد للہ اب ایک ہزار سال کی پر
بھی محفوظ و مصئون مطبوعہ موجود ہے۔ آپ ضرور اس بابرکت کتاب سے فیضیاب ہوں" محمد

نوٹ:- یہ کتاب بقیمت عہ اس پتہ سے طلب فرمالیں:- دفتر اخبار محمدی، اجمیر بیڈ زہ
بشری:- للخطیب کتاب آخر "شرف اصحاب الحدیث" قد طبعتہ مع ترجمت

بسم الله الرحمن الرحيم

نبذة من ترجمة المصنف العلامة رحمه الله تعالى

قال الذهبى فى تذكرته صـ٣١٢ ج٣ الخطيب الحافظ الكبير الامام محدث الشام والعراق ابو بكر احمد بن على بن ثابت بن احمد بن مهدى البغدادى صاحب التصانيف ولد سنة اثنتين وتسعين وثلث مائة وكان والده خطيب قرية درزيجان قال ابن ماكولا كان الخطيب آخر الاعيان ممن شاهدناه معرفة وحفظا واتقانا وضبطا الحديث النبى صلى الله عليه وسلم وتفننا فى علله واسانيده وعلما بصحيحه وغريبه وفرده ومنكره ومطروحه ثم قال ولم يكن للبغداديين بعد الدارقطني مثله ولعل الخطيب لم ير مثل نفسه قال ابو اسحق الخطيب يشبه الدارقطني فى معرفة الحديث وحفظه قال السمعانى كان الخطيب مهيبا وقورا ثقة متحريا حسن الخط كثير الضبط فصيحا ختم به الحفاظ قال ابن شافع انتهى اليه الحفظ والاتقان فى علوم الحديث قال الفضل بن عمر النسوى كنت بجامع صور عند الخطيب فدخل عليه علوى فى كمه دنانير فقال هذا الذهب تصرفه فى مهماتك فقطب قال لا حاجة لى فيه فقال كانك تستقله ونفض كمه على سجادة الخطيب قال هى ثلاث مائة دينار فخجل الخطيب قام اخذ سجادته وراح فما انسى عز خروجه وذل العلوى وهو يجمع الدنانير قال ابو زكريا الترمذى كنت اقرأ على الخطيب بحلقته بجامع دمشق كتب الادب المسموعة له وكنت اسكن منارة الجامع فصعد الى قال احببت ان ازورك فتحدثنا ساعة ثم اخرج ورقة وقال الهدية مستحبة اشتر بهذه اقلاما فاذا خمسة دنانير ثم صعد نوبة اخرى ووضع نحوا من ذلك وكان اذا قرأ الحديث يسمع صوته فى آخر الجامع كان يقرأ معربا صحيحا - ولما حج الخطيب رحمه الله تعالى شرب من ماء زمزم ثلث شربات وسأل الله ثلاث حاجات اخذا بالحديث ماء زمزم لما شرب له فالحاجة الاولى ان يحدث تاريخ بغداد بها الثانية ان يملى الحديث بجامع المنصور الثالثة ان يدفن عند بشر الحافى فقضى الله له ذلك وكان رحمه الله يختم كل يوم قريب الغياب قراءة ترتيل ثم يجتمع عليه الناس وهو راكب فيقولون حدثنا فيحدث وقد كان رئيس الرؤساء تقدم الى الوعاظ والخطباء الا يرد واحد يثا حتى يعرضوه على ابى بكر واخرج بعض اليهود كتابا باسقاط النبى صلى الله عليه وسلم الجزية عن الخيابرة وفيه شهادة الصحابة فعرضه

الوزير على ابى بكر فقال هذا امزور قيل من اين قلت هذا قال فيه شهادة معاوية رض وهو اسلم عام الفتح بعد خيبر وفيه شهادة سعد بن معاذ رض مات قبل خيبر بسنين وكان سخيا يفرق ماله على المحدثين ووقف كتبه على يد ابى الفضل بن خيرون

قال السمعانى له ستة وخمسون مصنفا ثم سمى بعض تصانيفه منها تاريخ بغداد وهذا الكتاب جزء منه" اقول ان ابن خلكان كتب فى وفياته انه صنف قريبا من مائة مصنف ولو لم يكن له سوى التاريخ لكفاه وقد قيل فى تصانيفه رحمه الله تعالى

تصانيف ابن ثابت الخطيب ... الذ من الصبى الغض الرطيب

يراها اذ رواها من حواها ... رياضا للفتى اليقظ اللبيب

ويأخذ حسن ما قد ضاع منها ... بقلب الحافظ الفطن الاريب

فاية راحة ونعيم عيش ... توازى كتبها بل اى طيب

قال الشجاع الخطيب امام مصنف لم يدرك مثله قال الهمدانى مات هذا العلم بوفاة الخطيب" قال الرميلى مرض الخطيب فى رمضان من سنة ثلث وستين واربعمائة فى نصفه الى ان اشتد به الحال فى اول ذى الحجة ومات يوم سابعه وصلى عليه ابو الحسين بن المهدى بالله ودفن بجنب بشر الحافى ببغداد وكان بين يدى جنازته جماعة ينادون هذا الذى كان يذب عن رسول الله صلى الله عليه وسلم هذا الذى كان ينفى الكذب عن رسول الله صلى الله عليه وسلم هذا الذى كان يحفظ حديث رسول الله صلى الله عليه وسلم" وكان ابو اسحق الشيرازى ممن حمل جنازته قال على بن الحسين رأيت بعد موت الخطيب كان شخصا قائما بحذائى فاردت ان اساله عن الخطيب فقال انزل وسط الجنة حيث يتعارف الابرار وقال الرميلى كنت ببغداد نائما فرأيت كانا عند الخطيب لقراءة تاريخه على العادة والشيخ نصر بن ابراهيم المقدسى عن يمينه وعن يمين نصر رجل سألت عنه فقيل هذا رسول الله صلى الله عليه وسلم جاء ليسمع التاريخ فقلت فى نفسى هذه جلالة لابى بكر ورآه بعض الصلحاء فى منامه فسأله عنه فقال انا فى روح وريحان وجنة نعيم قال ابن حجر العسقلانى فى نزهة النظر شرح نخبة الفكر وقل فن من فنون الحديث الا وقد صنف الخطيب فيه كتابا مفردا فكان كما قال الحافظ ابو بكر بن نقطة كل من انصف علم ان المحدثين بعد الخطيب عيال على كتبه قوله ثم امعنت النظر لوجدتهما خلق الا للحديث وكفى به فخرا وذلك فضل الله يؤتيه من يشاء — بجمد

اس کتاب کے مصنف حضرت امام خطیب رحمۃ اللہ علیہ کے مختصر حالات

امام ذہبی تذکرۃ الحفاظ (جلد ثالث ص۳۱۲) میں فرماتے ہیں کہ خطیب بغدادیؒ بڑے حافظ امام شام و عراق کے محدث تھے آپ کے والد بھی بہت بڑے محدث اور درزنجان کے خطیب تھے۔ کنیت ابوبکر اور نام احمد بن علی بن ثابت ہے ۲۴ جمادی الاخریٰ سنہ ۳۹۲ ہجری بروز جمعرات بغداد میں پیدا ہوئے معمولی تعلیم سے آپ گیارہ سال کی عمر میں فارغ ہوگئے پھر طلب علم حدیث میں لمبے لمبے سفر کئے اور اس فن میں ایک ممتاز حیثیت حاصل کرلی ان کے شاگرد ابن ماکولا کہتے ہیں کہ خطیبؒ حدیث نبوی کی معرفت وحفظ وضبط و اتقان اور حدیثوں کی علتوں اور سندوں کے جانتے اور صحیح و غریب، مفرد و منکر اور ساقط کے معلوم کرنے میں اُن پچھلے خاص لوگوں میں تھے جنکا میں نے مشاہدہ کیا ہے۔ امام دار قطنیؒ کے بعد خطیبؒ جیسا کوئی محدث نہیں پیدا ہوا اور شاید خطیبؒ نے خود بھی اپنے جیسا کسی کو نہ پایا ہوگا۔ امام ابو اسحاق شیرازی کہتے ہیں کہ خطیبؒ حدیث کے پہچانتے اور یاد رکھنے میں امام دار قطنیؒ کے مثل تھے۔ حافظ سمعانی نے فرمایا کہ خطیبؒ ہیبت و وقار والے ثقہ مستعد خوشخط بڑے ضابط اور فصیح تھے حافظوں کا ان پر خاتمہ ہوگیا۔ ابن شافع نے کہا کہ علوم حدیث میں حفظ و اتقان کا خطیبؒ پر خاتمہ ہوگیا۔ سمعانی کہتے ہیں کہ خطیبؒ کی ۵۶ تصنیفات ہیں لیکن میں کہتا ہوں کہ تاریخ ابن خلکان میں مرقوم ہے کہ خطیبؒ کی قریب ۱۰۰ کے تصنیفات ہیں اور اگر انکی تصنیف سوا تاریخ بغداد کے اور کوئی نہ بھی ہوتی تو صرف یہ تاریخ ہی اُنکے علم و فضل اور وسعتِ معلومات کی شہادت کیلئے کافی تھی جس کتاب کے اس ایک جزو کے چھاپنے کا فخر ہمیں آج حاصل ہو رہا ہے۔ شجاع ذہلی نے کہا کہ خطیبؒ امام تھے مصنف تھے اُن جیسا کوئی نہ تھا۔ ابو الحسن ہمدانی نے فرمایا کہ خطیبؒ کی موت سے علمِ حدیث کی موت ہوگئی، فضل بن عمر نسوی کہتے ہیں میں جامع صور میں امام خطیبؒ کے پاس بیٹھا تھا کہ ایک علوی آیا اور امام صاحب سے عرض کی کہ یہ تین سو دینار ہیں آپ اسے قبول فرمائیے اور اپنی ضرورتوں میں خرچ کیجئے آپ نے نہایت لاپرواہی سے انکار کردیا اس نے ان دیناروں کو آپکی جانماز پر ڈالدیا آپ جھلا کر جانماز جھاڑ کر وہاں سے اُٹھ کھڑے ہوئے اور وہ شخص اپنا سا منہ لیکر اپنے دینار سمیٹ کر چلدیا ابو زکریا تبریزیؒ کا بیان ہے کہ جامع دمشق میں میں پڑھتا تھا اور مسجد ہی کے ایک حجرے میں رہتا تھا کبھی کبھی امام خطیبؒ میرے پاس تشریف لاتے اِدھر اُدھر کی باتیں کرکے مجھ سے فرماتے دیکھو بھائی ہدیہ قبول کرنا بھی مسنون طریقہ ہے یہ کہہ کر ایک پڑیا میرے سامنے رکھ کر چلے جاتے میں اُسے کھولتا تو اُس میں پانچ اشرفیاں نکلتیں جو آپ مجھے قلم دوات کے خرچ کے لئے دے جایا کرتے تھے آپ خوش آواز اور بلند لہجہ تھے جسوقت جامع مسجد میں احادیث پڑھتے تھے تو مسجد گونج اُٹھتی تھی۔ الفاظِ حدیث کے اعراب ظاہر کرکے نہایت صحت کے ساتھ پڑھتے تھے۔ حج کے زمانہ میں جب آپ چاہِ زمزم کے پاس پہنچتے ہیں تو اس حدیث کو یاد کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ "زمزم کا پانی جس مقصد کیلئے پیا جائے اللہ تعالیٰ اسے پورا کرتا ہے"۔ آپ تین مقصدوں میں رکھتے ہیں اور تین مرتبہ چاہِ زمزم کا پانی پیتے ہیں ایک تو یہ کہ تاریخ بغداد آپ لکھ سکیں دوسرے یہ کہ بغداد کی مشہور جامع مسجد میں آپ درسِ حدیث دیں تیسری یہ کہ بشر حافی کے پڑوس میں آپ دفن ہوں آپکی یہ تینوں دعائیں قبول ہوئیں، دس ضخیم جلدوں میں آپ نے تاریخ بغداد لکھی جس کے اس ایک حصہ کو جو حضرت امام ابو حنیفہؒ کے متعلق ہے آج ہمیں مع ترجمہ طبع کرنیکا فخر حاصل ہو رہا ہے فالحمد للہ علیٰ ذٰلک۔ جامع بغداد کے آپ مدرس بنے اور انتقال کے بعد آپکی تربت بھی وہیں ہوئی جہاں کی آپکی دعا تھی۔ ہر ان رات

میں آپ ایکمرتبہ قرآنِ کریم ختم کیا کرتے تھے اور ترتیل کے ساتھ پڑھا کرتے تھے اور لوگوں کو حدیث بھی پڑھایا کرتے تھے آپکا مرتبہ
حکومت کی نظر میں اتنا بڑا تھا کہ رئیس الرؤسا نے حکم دیا تھا کہ کوئی شخص وعظ خطبے وغیرہ میں کوئی حدیث بیان نہ کرے
جبتک کہ امام خطیبؒ سے اجازت نہ حاصل کرے کیونکہ حدیث کی پرکھ میں آپکو کمال حاصل تھا، یہودیوں نے خلیفۂ اسلام کے
سامنے ایک عہدنامہ پیش کیا جسکا مضمون یہ تھا کہ یہودیانِ خیبر سے جزیہ نہ لیا جائے اس عہدنامہ پر بڑے بڑے صحابہؓ کے
دستخط تھے اور عہدنامہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا ہوا بتلایا جاتا تھا، سلطنت میں ایک کھلبلی مچگئی آخر امام خطیبؒ کے سامنے لائے
پیش کیا گیا آپنے بیک نگاہ دیکھتے ہی فرمایا کہ یہ جعلی ہے یہودیوں کی شرارت ہے انہوں نے خود اسے بنالیا ہے آپسے ثبوت
طلب کیا گیا تو آپنے فرمایا دیکھو اسپر ایک گواہی تو حضرت امیر معاویہؓ کی ہے۔ فتح خیبر ۷ھ میں ہوا اور امیر معاویہؓ اسوقت اسلام
بھی نہیں لائے تھے وہ ۸ھ میں فتح مکہ والے سال مسلمان ہوئے تھے پھر اُنکے دستخط اس عہدنامہ پر جو انکے اسلام سے ایک
سال پہلے لکھا گیا کہاں سے آگئے علاوہ ازیں دوسری شہادت اسپر حضرت سعد بن معاذؓ کی ہے حالانکہ جنگ خیبر سے پہلے ہی
وہ انتقال فرما چکے تھے ۵ھ میں غزوۂ خندق کے زمانہ میں انکا انتقال ہوا اور ۷ھ میں خیبر کی زمینیں حضورؐ کے قبضہ میں
آئیں تو وہ اپنے انتقال کے دو سال بعد کسی عہدنامہ پر کیسے دستخط کرتے؟ یہ ایک واقعہ ہی نہیں اس جیسے بیسیوں واقعات
نے دنیا کو مجبور کردیا تھا کہ وہ باور کریں کہ حضرت امام خطیبؒ اپنے زمانہ کے بےمثل امام اور زبردست علامہ اور لاثانی محدث
تھے باوجود اس علم وفضل زہد وقناعت بےنفسی اور بےغرضی کے آپ بڑے سخی تھے محدثین اور طلبۂ حدیث کے ساتھ
عموماً سلوک کیا کرتے تھے، انتقال سے پہلے اپنا تمام مال محدثین پر تقسیم کردیا اپنی تمام کتابیں راہِ للہ وقف کردیں۔ علمِ
حدیث کے تقریباً ہر فن میں آپکی کوئی نہ کوئی تصنیف ہے۔ آپکی تصانیف کی علم مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ آج تمام علماء طلباء
اُنکے اکثر محتاج ہیں، مخلوق اونکی تصانیف کیطرف جھکی ہوئی ہے بڑے بلند پایہ شعراء نے آپکی تصانیف کی تعریف میں اپنا
زورِ قلم دکھایا ہے اور اونکی حلاوت کو اُنکی لذت کو اُنکی تحقیق کو اور اُنکی خوش اسلوبی اور حسنِ بیان اور بلند پایہ تحقیق کو نہایت
پسند کیا ہے اور خوب تعریف کی ہے بلکہ دنیا کی کسی چیز کو وہ اتنی محبوب نہیں سمجھتے جتنی محبت انہیں حضرت امام خطیبؒ کی تصانیف
سے ہے، امام خطیبؒ ماہ رمضان ۴۶۳ھ کے نصف میں بیمار ہوئے یکم ذی الحجہ کو حالت نازک ہوگئی اور ۷ ذی الحجہ کو انتقال ہوگیا
جنازہ کی نماز قاضی ابوالحسین نے پڑھائی اور آپ اپنی مقبول دُعا اور دلی تمنا کے مطابق بشر حافی کی قبر کے پاس دفن کیے گئے انکے جنازہ
کے آگے ایک جماعت یوں پکارتی جاتی تھی یہ وہ شخص ہے جو حدیث نبوی سے اعتراض کو دفع کرتا تھا یہ وہ بزرگ ہیں جو رسولؐ
سے کذب کو دور کرتے تھے یہ وہ ہیں جو حدیثِ پیغمبرؐ کے حافظ تھے انکا جنازہ اٹھانیوالوں میں ابواسحٰق شیرازی بھی تھے۔
علی بن حسین کہتے ہیں کہ خطیبؒ کی وفات کے بعد خواب میں دیکھا کہ ایک شخص میرے سامنے کھڑا ہے میں نے اس سے خطیبؒ کا حال پوچھا
اس نے کہا کہ بیچ جنت میں جاؤ وہاں نیکوں سے ملاقات ہوتی ہے۔ رُمیلی کہتے ہیں کہ میں ماہ ربیع الاول کی بارہویں ۴۶۳ھ کو بغداد میں
سویا ہوا تھا خواب میں کیا دیکھتا ہوں کہ ہم لوگ عادتِ سابقہ کے مطابق امام خطیبؒ کے پاس تاریخِ بغداد پڑھنے کو جمع ہیں۔
شیخ نصر مقدسیؒ خطیبؒ کے دائیں جانب ہیں اور اُنکے دائیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں آپ تاریخ بغداد سننے کو
تشریف لائے ہوئے ہیں دل میں متبرک کتاب کا یہ ایک جزو ہے جو آج آپکے ہاتھوں میں ہے والحمدللہ تو میں نے کہا کہ یہ ابوبکر
خطیبؒ کی بزرگی کی دلیل ہے۔ نیز بعض صلحاء نے خواب میں دیکھکر آپکا حال پوچھا آپنے جواب دیا کہ میں آرام و آسائش او

اعلام

للمصنف العلامة كتاب آخر "شرف اصحاب الحديث" فى فضائل المحدثين واهله كتاب تتوجه اليه النبلاء ويحتاج اليه الكملاء فيه ابحاث عجيبة وفوائد لطيفة يفتقر اليه الطلبة ويهتدى به الكملة قد طبعته مع ترجمتها الهنديه حتى يسبغ ذيله وغاية امنيتى ان يقع من الله محل القبول والرضا ولعلى اجد من دعاء اخوانى فى الكوثر صبابة ومتبرضا ' محمد

فهرس ترجمة الامام ابى حنيفة النعمان من تاريخ بغداد للامام ابى بكر الخطيب رحمهما الله تعالى

ترجمة الامام ابى حنيفة ونسبه ۹
ارادته على ولاية القضاء وامتناعه ۱۲
قدومه بغداد وموته بها فى السجن ۱۵
صفته وذكر السنة التى ولد فيها ۱۹
ابتدائه بالنظر فى العلم ۲۱
مناقبه ۲۷
ماقيل فى فقهه ۳۰
ماذكر من عبادته وورعه ۵۴
ماذكر من جوده وسماحته وحسن عهده ۶۴
ماذكر من وفور عقله وفطنته وتلطفه ۶۹
ماحكى عنه فى الايمان ۷۸
استتابته من القول بخلق القرآن وعن قوله
بخلق القرآن ۸۷
ذكر الروايات عمن حكى عنه القول فى خلق القرآن ۸۹
ذكر ماحكى عنه من رأيه فى الخروج على السلطان ۹۶
ماحكى عنه من مستشنعات الالفاظ والافعال ۱۰۰
ماقاله العلماء فى ذم رأيه والتحذير منه فى مايتصل ۱۱۱ الى
بذالك من اخباره ۱۵۴

تمت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

امام خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "تاریخ بغداد" کے ایک جزو بنام "ترجمۃ الامام ابی حنیفۃ النعمان بن ثابت امام اہل الرائے" کے اردو ترجمے کی کتاب بنام

امامِ محمدی کی مکمل فہرست

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
آپکا نام اور کنیت۔	۱	آپکا حضرتِ حمادؒ کی شاگردی میں داخل ہونا۔	۱۷
آپ کے بعض استادوں کے نام۔	۱	آپ کے بتائے ہوئے ساٹھ مسائل میں سے	
آپ کے بعض شاگردوں کے نام۔	۲	بیس کو آپکے استاد کا غلط بتانا۔	۱۸
آپکا قبیلہ اور وطن۔	۲	آپکا اٹھارہ سال تک حضرت حمادؒ کی شاگردی کرنا	۱۹
آپ کا پیشہ۔	۲	آپ کی تعریف کی ایک حدیث	۲۱
آپ کا اصلی نام۔	۳	اِس حدیث کا موضوع ہونا۔	۲۱
آپکا عہدۂ قضاء کے قبول کرنیسے انکار کرنا۔		آپ کے مناقب اور فضائل۔	۲۱
اور اس پر تکالیف سہنا اور قید ہونا۔	۴	آپ کی فقہ۔	۲۴
آپ کا سفرِ بغداد۔	۶	امام صاحب کا حدیث کو بلکہ قولِ صحابی اور تابعی کو	
آپ کے قاضی بننے کا واقعہ۔	۹	بھی اپنے قیاس پر مقدم کرنا۔	۲۷
جیلخانہ جانیکا سبب قضا کی عدم قبولیت نہونا		امام صاحب کا اپنے استادوں اور بزرگوں کے اقوال	
بلکہ اصلی وجہ حکومت کی مخالفت ہونا۔	۱۰	کو مخالفتِ حدیث کیوجہ سے ترک کردینا۔	۲۷
آپکا سنِ ولادت اور سنِ انتقال۔	۱۱	ایک لطیفہ۔	۳۵
آپکا حلیہ اور صفت۔	۱۲	قاضی ابو یوسف کا آپکے حلقہ کو چھوڑ کر الگ مجلس قائم کرنا	۳۹
"ابو حنیفہ" کنیت کا اثر۔	۱۲	امام صاحب کا فرمان کہ میرے اقوال پر قرآن	
کوفیوں کی نسبت حضرت عطاؒ کا خیال۔	۱۲	حدیث کو مقدم کرو۔	۴۴
امام صاحب کا علوم کے درمیان انتخاب۔	۱۳	آپکی عبادت اور زہد و تقویٰ۔	۴۵
علمِ حدیث کی طلب سے انکار۔	۱۴	آپکی سخاوت، اخلاق اور حسنِ عہد کا بیان۔	۵۷
علمِ فقہ میں مشغولی۔	۱۵	رائے کی مذمت۔	۶۱
آپکا علمِ صرف ونحو میں قیاس کرنا۔	۱۵	آپکی عقلمندی زیرکی اور دانائی	۶۴
آپکا عربی بولنے میں غلطی کرنا۔	۱۶	آپکے فتوے کو آپکی والدہ صاحبہ کا تسلیم نہ کرنا	۶۹

مضمون	صفحہ
امام صاحب رح کا قرآن حدیث اور اقوالِ صحابہؓ کو اپنے اور دیگر مجتہدوں کے اجتہاد پر مقدم کرنا	۷۲
امام صاحب رح کا مجتہدوں کے اجتہاد کو حجتِ شرعی نہ جاننا	۷۳
مصنف رحمۃ اللہ علیہ کی معذرت	۷۳
آپ پر جرح کرنے والوں کے نام	۷۵
کعبۃ اللہ شریف اور حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعیین نہ کرنیوالے کو بھی آپکا مؤمن کہنا	۷۶
آپکا ایک حیرت انگیز فتویٰ۔	۷۸
آپکا قول کہ جوتی کی عبادت سے بھی ایمان میں کوئی حرج نہیں	۷۹
آپکا حضرت ابوبکر صدیقؓ اور ابلیس لعین کی ایمان کو برابر کہنا	۸۰
آپکا حضرت آدمؑ اور ابلیس لعین کے ایمان کو برابر کہنا	۸۰
آپکا فتویٰ کہ شرابی اور حضرت جبرئیلؑ کا ایمان برابر ہے	۸۱
آپکا فتویٰ کہ جوتی کی پوجا کرنیوالا بھی مؤمن ہے اگر دل سے اللہ تعالیٰ کو جانتا ہو۔	۸۱
ان فتاووں کی وجہ سے آپ پر فتوے	۸۲
امام صاحب پر مرجیہ عقیدے کے ہونیکا فتوے	۸۲
قاضی ابو یوسف رح کا آپ کی تقلید نہ کرنا۔	۸۳
امام صاحب کا جہمیوں کو برا کہنا	۸۳
امام خطیب رحمۃ اللہ علیہ کا فیصلہ	۸۴
آپکا قرآنِ کریم کو غیر مخلوق کہنا	۸۶
آپکا قرآنِ کریم کو مخلوق کہنا	۸۷
آپکا اس عقیدے سے توبہ کرنا۔	۸۹
آپکی توبہ بطور تقیہ کے ہونا اور دوبارہ خلقِ قرآن کا قائل ہونا۔	۸۹
آپکی دو مرتبہ کی توبہ میں مصنف رح کی تطبیق	۹۱
حضرت امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام اوزاعیؒ، امام حسنؒ	

مضمون	صفحہ
امام سفیانؒ، امام احمدؒ اور ان سب کے ساتھیوں کا آپ پر فتویٰ	۹۳
آپکا بادشاہِ اسلام کی بغاوت کو جائز رکھنا اور کلمہ گوئیوں پر تلوار چلانیکا بھی فتویٰ دینا۔	۹۳
آپ کا حدیثِ رسولؐ کو خرافات کہنا۔	۹۵
ابو عوانہ کا آپ کو مرجیہ کہنا	۹۶
حضرت امام سفیان اور امام اوزاعیؒ کا بھی یہی قول	۹۷
آپ کے شاگرد قاضی ابو یوسفؒ کا بھی یہی قول	۹۷
آپکا جنت دوزخ کو غیر موجود کہنا	۹۷
آپکا قول کہ اگر رسول اللہ صلعم بھی میرے زمانہ میں ہوتے تو میری مانتے۔	۹۸
آپکا اپنے بتلائے ہوئے مسئلہ کے خلاف حدیث سنکر کہنا کہ اسے ہٹاؤ۔	۹۹
حدیث شریف کی نسبت آپکا کہنا کہ اسے سؤر کی دُم سے کھرچ دو۔	۹۹
آپکا حدیث شریف کو واہیات خرافات کہنا	۹۹
آپکا تسلیم و قبولِ حدیث سے انکار	۹۹
آپکا حدیث شریف کو پلیدی کہنا	۹۹
آپکا حدیث شریف کو بکواس اور ہذیان کہنا	۱۰۰
آپکا حدیث شریف کو جانور کی آواز کہنا	۱۰۰
آپکا حضرت عمر فاروقؓ کے قول کو قولِ شیطان کہنا	۱۰۰
آپکا حدیث شریف کا مذاق اڑانا یا نہ سمجھنا	۱۰۱
آپکا ایک صحیح اور فصیح قول کو نہ سمجھنا یا اس کا مذاق اڑانا۔	۱۰۲
آپکا حدیث کے مقابلہ میں معارضہ پیش کرنا	۱۰۲
رفع الیدین کا لطیفہ	۱۰۳
آپکے وہ مسائل جو سراسر حدیث شریف کے مخالف ہیں	۱۰۴

صفحہ	مضمون
۱۰۵	آپکا اپنی رائے سے احادیث کو رد کرنا
۱۰۶	ابوعوانہ کا آپکی کتاب کو پھاڑ ڈالنا
۱۰۷	اپنے فتوے کے خلاف حدیث سن کر بھی آپکا اکر بے پرواہی سے ٹال دینا اور اپنے فتوے پر جمے رہنا۔
۱۱۰	سندِ حدیث میں آپ کی لا اُبالی
۱۱۱	آپکا ایک عجیب فتویٰ
۱۱۱	صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی فتویٰ دینے میں احتیاط اور آپکی انکے خلاف جرأت وجسارت
۱۱۲	آپکی رائے قیاس کی مذمت اور آپ پر جرح
۱۱۳	آپکی رائے کی دجال سے تشبیہ
۱۱۴	حضرت امام مالکؒ کی ترکِ تقلید کی نصیحت
۱۱۴	حضرت امام مالک کی آپ پر جرح
۱۱۵	حضرت عبدالرحمٰن بن مہدیؒ حضرت سفیانؒ حضرت شریکؒ اور حضرت ایوبؒ کی جرح
۱۱۶	امام اوزاعیؒ امام شافعیؒ ابنِ عونؒ کی جرح
۱۱۷	سلیمان بن حربؒ امام مالکؒ کی جرح
۱۱۹	حضرت ہارونؒ کی جرح
۱۱۹	ابوعوانہ کا فقہِ حنفی چھوڑنیکا واقعہ
۱۲۰	امام صاحب اپنے رائے قیاس کے اقوال کو بری چیز کہتے ہیں
۱۲۰	امام حسن کا اپنے قیاسی سائل کی نسبت سراسر باطل ہونے کا احتمال ظاہر کرنا۔
۱۲۰	امام صاحب کا قاضی ابویوسف کو نصیحت کرنا کہ میرے اقوال ناقابلِ اعتماد ہیں انہیں نہ لکھو۔
۱۲۱	آپکا فرمان کہ میرے اقوال کی صحت عدم صحت کا مجھے یقینی علم نہیں
۱۲۱	آپکا ایک ایکدن میں ایک ایک مسئلہ میں پانچ پانچ مختلف فتوے دینا
۱۲۱	امام حسن کا فرمان کہ میرے اقوال اکثر غلط ہوتے ہیں۔

صفحہ	مضمون
۱۳۱	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فقہِ حنفی سے منع کرنا
۱۳۲	آپکی کتاب الحیل کا ذکر اور اسکی مذمت
۱۳۲	اس کتاب کا ایک بدترین مسئلہ
۱۳۳	حضرت عبداللہ بن مبارکؒ کا آپ سے قطع تعلق کرنا اور آپکی مرویات کو ترک کرنا اور اس سے استغفار کرنا
۱۳۴	فقہِ حنفی کے مطالعہ سے ممانعت
۱۳۴	سفیان بن وکیعؒ قیس بن ربیعؒ کی جرح
۱۳۵	آپکے فقیہ ہونے میں کلام۔ آپکا مناظرہ
۱۳۶	آپ کے مجتہد ہونے میں کلام
۱۳۶	حماد بن سلمہؒ محمد بن بشارؒ عمر بن قیسؒ کے اقوال
۱۳۸	ابوبکر بن عیاشؒ کا قول۔ حضرت اسودؒ کی خفگی
۱۳۹	شیطان طاق کا اور آپکا ایک پُرلطف واقعہ
۱۲۹	حضرت سفیان ثوریؒ اور عبداللہ بن ادریسؒ کی جرح
۱۲۹	یزید بن ہارونؒ اور حضرت امام شافعیؒ کی جرح
۱۳۰	حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے اقوال
۱۳۲	یزید بن ابومالکؒ کا فرمان۔ ابومسہر کی روایت
۱۳۳	آپکی نسبت رسول صلعم کا فرمان اور صدیق اکبرؓ کا قول
۱۳۴	ابن ابی شیبہؒ کی جرح۔ حضرت ابن المبارکؒ کے اقوال
۱۳۵	آپکا علم حدیث میں یتیم ہونا۔
۱۳۵	حدیث کے مقابلہ میں آپکا قول پیش کرنیوالے پر کفر کا فتوے
۱۳۶	آپکا متروک الحدیث ہونا۔
۱۳۶	حجاج بن ارطاۃ یحییٰ قطان یحییٰ بن معین اور امام احمدؒ کی جرح
۱۳۷	ابوبکر بن داؤد رقبہ شعبہ سفیان ابوبکر بن عیاشؒ کی جرح
۱۳۸	امام احمدؒ کا قول کہ ضعیف حدیث بھی رائے سے بہتر ہے
۱۳۹ تا ۱۴۱	یحییٰ کا قول، علی بن مدینی ابن الحلائی، ابوحفص ابراہیم جوزجانی شعبہ امام مسلم امام نسائی کی جرح۔ تاریخ وجائے انتقال وعمر

امام نمازِ جنازہ جائے دفن ۔ کثرت مصلیان ۔ انتقال کے بعد کا خواب صہ ۱۴۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وحدہ والصلوۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ وعلی آلہ وصحبہ ومن تبعہ قال الخطیب ابو بکر البغدادی فی تاریخ بغداد مترجماً لابی حنیفۃ النعمان بن ثابت الامام ما نصہ

النعمان بن ثابت ابو حنیفۃ التیمی امام اصحاب الرأی وفقیہ اہل العراق رأی انس بن مالک وسمع عطاء بن ابی رباح وابا اسحاق السبیعی ومحارب بن دثار وحماد بن ابی سلیمان والہیثم بن حبیب الصواف وقیس بن مسلم ومحمد بن المنکدر ونافعاً مولی ابن عمر وہشام بن عروۃ ویزید الفقیر وسماک بن حرب وعلقمۃ بن مرثد وعطیۃ العوفی وعبد العزیز بن رفیع وعبد الکریم ابا امیۃ وغیرہم وروی عنہ ابو یحیی الحرانی وہشیم بن بشیر وعباد بن عوام وعبد اللہ بن المبارک ووکیع بن الجراح ویزید بن ہرون وعلی بن عاصم ویحیی بن نصر بن حاجب وابو یوسف القاضی ومحمد بن الحسن الشیبانی وعمرو بن محمد العنقری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بخشش کرنے والا مہربان ہے

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیئے ہی ہیں جو اکیلا ہے اور درود وسلام نازل ہو اُس پیغمبر پر جن کے بعد کوئی نبی نہیں اور آپ کی آل و اصحاب پر اور آپ کے تابعداروں پر امام ابو بکر خطیب بغدادی تاریخ بغداد میں امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت رح کی سوانحعمری میں لکھتے ہیں جو یہ ہے۔ نعمان بن ثابت ابو حنیفہ تیمی اہل رائے کے امام اور اہل عراق کے فقیہ تھے حضرت انس بن مالک رض کو دیکھا تھا اور عطا بن ابو رباح اور ابو اسحاق سبیعی اور محارب بن دثار اور حماد بن ابو سلیمان اور ہیثم بن حبیب صواف اور قیس بن مسلم اور محمد بن منکدر اور نافع جو ابن عمر رض کے آزاد غلام ہیں اور ہشام بن عروہ اور یزید فقیر اور سماک بن حرب اور علقمہ بن مرثد اور عطیہ عوفی اور عبد العزیز بن رفیع اور عبد الکریم ابو امیہ وغیرہ سے سنا تھا۔ اور ان سے ابو یحیی

وهوذة بن خليفة وابو عبد الرحمن المقرى وعبد الرزاق بن همام فى آخرين وهو من اهل الكوفة نقله ابو جعفر المنصور الى بغداد فاقام بها حتى مات ودفن بالجانب الشرقى منها فى مقبرة الخيزران وقبره هنالك ظاهر معروف انا حمزة بن محمد بن طاهر نا ابو الوليد بن بكر نا على بن احمد بن زكريا الهاشمى نا ابو مسلم صالح بن احمد بن عبد الله بن صالح العجلى حدثنى ابى قال ابو حنيفة النعمان بن ثابت كوفى تميمى من رهط حمزة الزيات وكان خزازا يبيع الخز آنبأنا محمد بن احمد بن رزق انا محمد بن العباس بن ابى ذهل الهروى نا احمد بن محمد بن يونس الحافظ نا عثمان بن سعيد الدارمى قال سمعت محبوب بن موسى يقول سمعت ابن ابى اسباط يقول ولد ابو حنيفة وابوه نصرانى آنا الحسن بن محمد الخلال انا على بن عمرو الحريرى ان ابا القاسم على بن محمد بن كاس النخعى اخبرهم قال نا محمد بن على بن عفان نا محمد بن اسحاق البكاوى عن عمر بن حماد بن ابى حنيفة قال ابو حنيفة النعمان بن ثابت بن زوطى فاما زوطى فانه من اهل كابل وولد ثابت على الاسلام وكان زوطى مملوكا لبنى تيم الله بن ثعلبة فاعتق فولاؤه لبنى تيم الله بن ثعلبة ثم لبنى

حرانی اور ہشیم بن بشیر اور عباد بن عوام اور عبد اللہ بن مبارک اور وکیع بن جراح اور یزید بن ہارون اور علی بن عاصم اور یحییٰ بن نصر حاجب اور ابو یوسف قاضی اور محمد بن حسن شیبانی اور عمرو بن محمد عنقری اور ہوذہ بن خلیفہ اور ابو عبد الرحمن مقری اور عبد الرزاق بن ہمام اور دوسرے لوگوں نے سنا آپ کوفہ کے رہنے والے ہیں خلیفہ ابو جعفر منصور نے بغداد بلا لیا تھا انتقال تک وہیں ٹھیرے رہے اور وہیں مقبرۂ خیزران میں جو مشرقی بغداد میں ہو دفن کئے گئے آپکی قبر وہاں ظاہر اور معروف ہے۔ احمد بن عبد اللہ کہتے ہیں کہ ابو حنیفہ نعمان بن ثابت کوفی تیمی حمزہ زیات کے قبیلہ سے ہیں جو ریشم فروش تھے۔ ابن ابی اسباط کہتے ہیں کہ امام صاحب کی پیدائش کے وقت آن کے والد نصرانی تھے۔ عمر بن حماد کہتے ہیں کہ ابو حنیفہ نعمان بن ثابت بن زوطی ہیں زوطی کابل کے رہنے والے تھے اور ثابت اسلام میں پیدا ہوئے تھے اور زوطی بنو تیم اللہ بن ثعلبہ کے غلام تھے انہوں نے

فصل وكان ابو حنيفة خزازاود كانه معروفة فى دار عمرو بن حريث قال محمد بن على
بن عفان وسمعت ابا نعيم الفضل بن دكين يقول ابو حنيفة النعمان بن ثابت بن زوطى
اصله من كابل انا ابو نعيم الحافظ نا ابو احمد الغطريفى قال سمعت الساجى يقول سمعت
محمد بن معاوية الزيادى يقول انا جعفر يقول كان ابو حنيفة اسمه عتيك بن
زوطرة فسمى نفسه النعمان وابوه ثابتا انا محمد بن احمد بن رزق انا احمد بن جعفر
بن محمد بن مسلم الختلى نا احمد بن على الابار نا عبيد الله بن محمد العتكى البصرى
نا محمد بن ايوب الذارع قال سمعت يزيد بن زريع يقول كان ابو حنيفة نبطيا
انا احمد بن عمر بن روح النهروانى انا المعافى بن زكريا انا احمد بن نصر بن طالب
انا اسمعيل بن عبد الله بن ميمون قال سمعت ابا عبد الرحمن المقرى يقول
كان ابو حنيفة من اهل بابل وربما قال فى قول البابلى كذا انا الخلال
انا على بن عمرو الحريرى ان على بن محمد بن كاس النخعى حدثهم قال انا
ابو بكر المروزى انا النضر بن محمد نا يحيى بن النضر القرشى قال كان والد ابى حنيفة
من نسا وقال النخعى نا سليمان بن الربيع قال سمعت الحرث بن ادريس يقول

آزاد کردہ یا ولا انہی کی تھی پھر بنو فضل کی امام صاحب ریشم فروش تھے اور دار عمرو بن
حریث میں اُنکی مشہور دکان تھی۔ ابو نعیم فضل بن دکین کہتے ہیں ابو حنیفہ نعمانؒ
بن ثابت بن زوطی کی اصل کابل کی ہے۔ ابو جعفر کہتے ہیں کہ ابو حنیفہ کا اصلی نام عتیک
بن زوطرہ تھا پھر اُنہوں نے اپنا نام نعمان رکھا اور اپنے والد کا ثابت یزید
بن زریع کہتے ہیں کہ امام صاحب نبطی تھے۔ ابو عبد الرحمٰن المقری کہتے ہیں
ابو حنیفہ بابل کے ہیں اور کبھی بابلی بات ہیں کہتے تھے یحییٰ بن نضر قریشی
کہتے ہیں کہ امام صاحب کے والد نسا قبیلہ کے ہیں حارث بن ادریس کہتے ہیں ابو حنیفہ
کی اصل ترمذ کی ہے بہلول قاضی کہتے ہیں کہ ثابت جو امام صاحب کے والد
ہیں یہ اہل دنیا رہیں امام صاحب کے پوتے اسماعیل فرماتے ہیں کہ ہم اولادِ
فارس ہیں ہم آزاد ہیں خدا کی قسم ہم پر کبھی غلامی نہیں آئی میرے دادا ۸۰ھ
میں تولد ہوئے اور اُن کے والد ثابت اُنہیں لیکر حضرت علیؓ بن ابی طالب کی
پاس گئے اسوقت امام صاحب چھوٹے بچہ تھے حضرت علیؓ نے ان کے

ابو حنیفۃ اصلہ من ترمذ وقال النخعی ایضا نا ابو جعفر احمد بن اسحاق بن البہلول القاضی قال سمعت ابی یقول عن جدی قال ثابت والد ابی حنیفۃ من اھل الانبار۔

انا القاضی ابو عبد اللہ الحسین بن علی الصیمری انا عمر بن ابراھیم المقری انا مکرم بن احمد نا احمد بن عبید اللہ بن شاذان المروزی قال حدثنی ابی عن جدی قال سمعت اسمٰعیل بن حماد بن ابی حنیفۃ یقول انا اسمٰعیل بن حماد بن النعمان بن ثابت بن النعمان بن المرزبان من ابناء فارس الاحرار واللہ ما وقع علینا رق قط وولد جدی فی سنۃ ثمانین وذھب ثابت الی علی بن ابی طالب وھو صغیر فدعا لہ بالبرکۃ فیہ وفی ذریتہ ونحن نرجو من اللہ ان یکون قد استجاب اللہ ذلک لعلی بن ابی طالب فینا قال والنعمان بن المرزبان ابو ثابت ھو الذی اھدیٰ لعلی بن ابی طالب الفالوذج فی یوم النیروز فقال نوروزنا کل یوم وقیل کان ذلک فی المھرجان فقال مھرجونا کل یوم۔

ذکر ارادۃ ابن ھبیرۃ ابا حنیفۃ علی ولایۃ القضاء وامتناع ابی حنیفۃ من ذلک

اور اُن کی اولاد کے لئے برکت کی دعا کی ہمیں اللہ سے اُمید ہے کہ اُسنے حضرت علیؓ بن ابو طالب کی دعا کو ہمارے حق میں قبول کر لی ہوگی کہتے ہیں کہ نعمان بن مرزبان ثابت کے والد وہی ہیں جنہوں نے حضرت علی رضؓ بن ابو طالب کو نیروز کے دن فالودے کا ہدیہ دیا تھا تو حضرت علی نے جواب دیا کہ ہمارا نیروز ہر دن ہو۔ اور کہا گیا ہے کہ یہ واقعہ مہرجان کا ہے اور حضرت علی رضؓ نے فرمایا تھا کہ ہمارا مہرجان ہر دن ہے۔

ابن ہبیرہ کا امام صاحب کو قاضی بنانیکی خواہش کرنا اور امام صاحب کا اُس سے انکار کرنا

عبید اللہ بن عمرو رقی فرماتے ہیں کہ ابن ہبیرہ نے امام صاحب کو کوفے کا قاضی بنانا چاہا امام صاحب نے انکار کیا تو اُس نے ایک سو دس کوڑے مارے ہر دن دس کوڑے لگتے تھے اور آپ انکاری ہی تھے یہ دیکھ کر پھر چھوڑ دیا

انا القاضي ابو العلا محمد بن علي الواسطي نا ابو الحسن محمد بن حماد بالكوفة نا الحسين بن محمد بن الفرزدق الفزاري قال ابو عبد الله عمرو بن احمد بن عمرو بن السرح بمصر نا يحيى بن سليمان الجعفي الكوفي نا علي بن معبد نا عبيد الله بن عمرو الرقي قال كلم ابن هبيرة ابا حنيفة ان يلي له القضاء في الكوفة فأبى عليه فضربه مائة سوط وعشرة اسواط في كل يوم عشرة اسواط وهو على الامتناع فلما رأى ذالك خلى سبيله كتب الى القاضي ابو القاسم الحسن بن محمد بن احمد بن ابراهيم المعروف بالانباري من مصر وحدثني ابو طاهر محمد بن احمد بن محمد بن ابي العبقر امام الجامع بالانبار عنه قال انا محمد بن احمد بن المسور البزار نا ابو عمرو المقدام بن داود الرعيني نا علي بن معبد نا عبد الله بن عمرو ان ابن هبيرة ضرب ابا حنيفة مائة سوط وعشرة اسواط في ان يلي القضاء فأبى وكان ابن هبيرة عامل مروان على العراق في زمان بني امية انا ابو الحسن علي بن القاسم بن الحسن الشاهد بالبصرة نا علي بن اسحاق الماوردي قال سمعت ابراهيم بن عمر الدهقان يقول سمعت ابا معمر يقول سمعت ابا بكر بن عياش

عبداللہ بن عمرو کہتے ہیں ابن ہبیرہ نے امام صاحب کو ایک سو دس کوڑے اس بنا پر پٹوائے کہ وہ عہدۂ قضا قبول کریں لیکن امام صاحب نے انکار کیا ابن ہبیرہ مروان کی جانب سے بنو امیہ کے زمانہ میں عراق کے گورنر تھے ابو بکر بن عیاش کہتے ہیں امام صاحب کو عہدۂ قضا قبول نہ کرنے پر بہت پیٹا گیا ربیع بن عاصم کہتے ہیں کہ مجھے یزید بن عمر بن ہبیرہ نے بھیجا میں امام صاحب کو بلا کر لے گیا اُس نے آپکو بیت المال پر مقرر کرنا چاہا آپ نے انکار کیا اس بنا پر کوڑوں سے پٹوایا گیا۔ عبدالحمید کہتے ہیں کہ امام صاحب کو ہر روز خلیفہ کے سامنے لایا جاتا تھا اور اُنہیں کوڑے لگائے جاتے تھے تاکہ عہدۂ قضا کو قبول کریں لیکن آپ انکار کر دیا کرتے تھے ایک دن میں نے انہیں روتے ہوئے دیکھا تھا اس بلا سے چھٹکارا پانے کے بعد آپ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے والدہ کا غم کوڑوں کی ضرب سے زیادہ تھا۔ اسماعیل بن سالم فرماتے ہیں کہ امام صاحب کو ہر چند مار پیٹ کی گئی لیکن آپ نے قاضی بننا قبول نہ فرمایا۔ حضرت امام

يقول ان ابا حنيفة ضرب على القضاء آنا التنوخي انا احمد بن عبد الله الدوري نا
احمد بن القاسم بن نصر اخو ابي الليث الفرائض نا سليمان بن ابي شيخ قال حدثني
الربيع بن عاصم مولى بني فزارة قال ارسلني يزيد بن عمر بن هبيرة فقدمت
بابي حنيفة فاراده على بيت المال فابى فضربه اسواطا - آنا الخلال انا الحريري
ان النخعي حدثهم قال نا محمد بن علي بن عفان نا يحيى بن عبد الحميد عن ابيه قال كان
ابو حنيفة يخرج كل يوم او قال بين الايام فيضرب ليدخل في القضاء فيأبى ولقد
بكى في بعض الايام فلما اطلق قال لي كان غم والدتي اشد علي من الضرب - وقال
النخعي نا ابراهيم بن مخلد البلخي نا محمد بن سهل بن ابي منصور المروزي حدثني محمد
بن النضر قال سمعت اسماعيل بن سالم البغدادي يقول ضرب ابو حنيفة على الدخول
في القضاء فلم يقبل القضاء - قال وكان احمد بن حنبل اذا ذكر ذالك بكى وترحم على
ابي حنيفة وذالك بعد ان ضرب احمد بن حنبل - آخبرني عبد الباقي بن عبد
الكريم بن عمر المؤدب انا عبد الرحمن بن عمر الخلال نا محمد بن احمد بن يعقوب بن
شيبة نا جدي نا احمد بن عبد الله بن الحسن المنزل عن اسماعيل بن حماد بن ابي حنيفة قال

احمد بن حنبل رح کو جب کبھی یہ واقعہ یاد پڑتا تو رو دیتے اور امام صاحب کے لیئے رحم کی دعا کرتے کیونکہ خود آپ پر بھی ایسا ہی واقعہ گذر چکا تھا امام صاحب کے پوتے فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد صاحب کے ہمراہ ایک مرتبہ کوڑھی کی طرف گیا وہاں والد رو دیئے میں نے کہا ابا جان! آپ کیسے روئے فرمانے لگے بیٹا اسی جگہ ابن ہبیرہ نے میرے والد کو دس دن تک کوڑے لگوائے تھے ہر روز دس کوڑے پڑتے تھے اس بنا پر کہ وہ قاضی بنیں اور وہ انکار کرتے تھے۔" ایک قول یہ بھی ہے کہ خلیفہ ابو جعفر منصور نے امام صاحب کو کوفے سے بغداد بلایا تھا تاکہ قاضی بنائے جائیں۔"

امام صاحب کا بغداد آنا اور وہیں وفات پانا

بشر بن ولید فرماتے ہیں کہ امیر المومنین ابو جعفر نے امام صاحب کو بلوایا اور عہدۂ قضا دینا چاہا لیکن امام صاحب نے انکار کیا خلیفہ نے قسم کھائی

ما رأت مع ابی بالکناسة فبکی فقلت له یا ابت ما یبکیک قال یا بنی فی ھذا الموضع
ضرب ابن ھبیرة ابی عشرة ایام فی کل یوم عشرة اسواط علی ان یلی القضاء فلم یفعل
وقیل ان ابا جعفر المنصور اشخص ابا حنیفة من الکوفة الی بغداد لیولیه القضاء۔

ذکر قدوم ابی حنیفة بغداد وموته بھا

انا ابو عبد الحسن بن عثمان الواعظ انا جعفر بن محمد بن احمد بن الحکم الواسطی ح وانا
القاضی ابو العلاء الواسطی نا طلحة بن محمد بن جعفر المعدل قال انا محمد بن احمد بن یعقوب
نا جدی نا بشر بن الولید الکندی قال اشخص ابو جعفر امیر المؤمنین ابا حنیفة
فاراده علی ان یولیه القضاء فابی فحلف علیه لتفعلن فحلف ابو حنیفة ان
لا یفعل فحلف المنصور لتفعلن فحلف ابو حنیفة ان لا یفعل فقال الربیع الحاجب
الا تری امیر المؤمنین یحلف فقال ابو حنیفة امیر المؤمنین علی کفارة ایمانه اقدر
منی علی کفارة ایمانی فابی ان یلی فامر به الی الحبس فی الوقت ھذا لفظ ابی العلا
وانتھی حدیث الواعظ وزاد ابو العلاء والعوام یدعون انه تولی عد اللبن ایاما

کہ تمہیں یہ کام کرنا پڑے گا ادھر امام صاحب نے بھی حلف اٹھا لیا کہ ہرگز نہیں
کروں گا منصور نے دوبارہ قسم کھائی امام صاحب نے بھی اپنی قسم کو دوہرا دی
دربان کہنے لگا آپ دیکھتے نہیں کہ امیر المؤمنین قسم کھا بیٹھے ہیں امام صاحب نے
فرمایا میں جتنا قسم کا کفارہ دینے پر قادر ہوں اس سے بہت زیادہ قدرت
امیر المؤمنین کو ہے یہ کہا اور اپنے انکار پر جمے رہے۔ اس بنا پر بحکم خلیفہ
اُسیوقت جیلخانہ بھیجدیئے گئے ابو العلا کہتے ہیں کہ اپنی قسم کا کفارہ ادا کرنے
کے لیئے آپ چند دنوں تک قاضی بنے لیکن یہ بات ازروئے نقل صحیح نہیں بلکہ صحیح یہ ہے
کہ انتقال بھی جیلخانہ ہیں ہی ہوا۔ خارجہ کہتے ہیں کہ ابو جعفر نے امام صاحب کو
قضا کے لیئے بلوایا لیکن امام صاحب کے انکار کی بنا پر قید کر دیا۔ پھر ایک دن
سامنے بلا کر کہا کہ ہمارے کام سے تم اعراض کرتے ہو آپ نے فرمایا امیر المؤمنین کو
اللہ تعالی نے اس کے لائق بنایا ہے اور میں اس کا اہل نہیں ہوں خلیفہ نے
فرمایا تم غلط کہتے ہو پھر دوبارہ خلیفہ نے اسی عہدہ کو پیش کیا امام صاحب

ليكفر بذالك عن يمينه فلم يصح هذا من جهة النقل والصحيح انه توفي وهو في السجن
أنا الخلال انا الحريري ان النخعي حدثهم قال نا سليمان بن الربيع نا خارجة بن
مصعب بن خارجة قال سمعت مغيث بن بديل يقول قال خارجة دعا ابو جعفر
ابا حنيفة الى القضا فابى عليه فحبسه ثم دعا به يوما فقال اترغب عما نحن فيه
قال اصلح الله امير المومنين لا اصلح للقضا فقال له كذبت قال ثم عرض عليه
الثانية فقال ابو حنيفة تدحكم على امير المؤمنين بانى لا اصلح للقضاء لانه
ينسبني الى الكذب فان كنت كاذبا فهوا صلح وان كنت صادقا فقد اخبرت
امير المؤمنين انى لا اصلح قال فرده الى الحبس اخبرنى ابو بشر محمد بن عمر الوكيل
وابو الفتح عبد الكريم بن محمد بن احمد الضبي المحاملي قالا نا عمر بن احمد الواعظ نا
مكرم بن احمد نا احمد بن محمد الحماني قال سمعت اسمعيل بن ابي يعقوب سمعت
الربيع بن يونس يقول رأيت امير المؤمنين المنصور ينازل ابا حنيفة في امر
القضاء وهو يقول اتق الله ولا ترع في امانتك الامن يخاف الله والله ما انا
مأمون الرضا فكيف اكون مامون الغضب ولو اتجه الحكم عليك ثم تهددتني

نے فرمایا آپ تو میری نسبت خود فیصلہ کر چکے کہ میں اس عہدے کے قابل نہیں
ہوں اسلیئے کہ آپ نے مجھے جھوٹا ٹھیرایا۔ اگر میں واقعی جھوٹا ہی ہوں جب بھی
میں قاضی بننے کے لائق نہیں ہوں اور اگر میں سچا ہوں تو میں تو صاف
کہہ رہا ہوں کہ میں اس عہدے کے قابل نہیں چنانچہ یہ جواب سُنکر انہیں
پھر جیلخانہ بھیجدیا گیا ربیع بن یونس کہتے ہیں میں نے امیر المؤمنین منصور کو
دیکھا کہ وہ امام صاحب کو یہ کوشش یہ عہدہ دینا چاہتے تھے اور امام صاحب
فرماتے تھے اللہ سے ڈرو اور یہ امانت کسی خدا سے ڈرنے والے کو سونپو
خدا کی قسم مجھے تو رضامندی کی حالت میں بھی اپنے نفس پر اطمینان نہیں
تو ناراضگی کیحالت میں کیا اطمینان ہوگا؟ اگر آپ مجھپر بیحا تنگ دباؤ ڈالیں
کہ یا تو میں قاضی بننا منظور کروں ورنہ مجھے فرات میں ڈبو دیا جائے تو والله
میں غوطہ کھا جانے کو اختیار کروں گا آپ کے پاس ایسے لوگ موجود ہیں جو اس کے
لائق ہیں لیکن میں اپنے میں یہ قابلیت نہیں پاتا۔ خلیفہ نے فرمایا تم جھوٹے ہو

ان تغرقني في الفرات او ان تلي الحكم لاخترت ان اغرق ولك حاشية يحتاجون الى من يكرمهم لك فهو اصلح لهذا لك فقال له كذبت انت تصلح فقال قد حكمت لي على نفسك كيف يحل لك ان توليني قاضيا على امانتك وهو كذاب - انا البصيري انا ابو عبيد الله المرزباني نا محمد بن احمد الكاتب نا عباس الدوري قال حدثونا عن المنصور انه لما بنى مدينة ونزلها ونزل المهدي في الجانب الشرقي وبني مسجد الرصافة ارسل الى ابي حنيفة فجيئ به فعرض عليه قضاء الرصافة فابى فقال له ان لم تفعل ضربتك بالسياط قال او تفعل ذالك قال نعم فقعد في القضاء يومين فلم يأته احد فلما كان في اليوم الثالث اتاه رجل صفار ومعه آخر فقال الصفار لي على هذا درهمان واربعة دوانيق بقية ثمن تور صفر فقال ابو حنيفة اتق الله وانظر فيما يقول الصفار قال ليس له علي شيء فقال ابو حنيفة للصفار ما تقول قال استحلفه لي فقال ابو حنيفة للرجل قل والله الذي لا اله الا هو فجعل الرجل يقول فلما رآه ابو حنيفة معزما على ان يحلف قطع عليه ضرب بيده الى كمه فحل صرة واخرج درهمين ثقيلين فقال للصفار هذان الدرهمان عوض من باقي قدرك فنظر الصفار اليهما وقال نعم فاخذ

تم میں یہ قابلیت یقیناً ہے۔ امام صاحب نے فرمایا لو اتو خود آپ ہی کی زبان سے فیصلہ ہو گیا آپ مجھے جھوٹا کہتے ہیں تو جھوٹے بولنے والے شخص کو قاضی بنانا آپکو کیسے جائز ہو گا۔ ہم عباس دوری کہتے ہیں کہ جب منصور نے ایک نیا شہر بنایا اور وہیں خود بھی آ گیا اور مشرق کی جانب مہدی بھی آ گیا اور مسجد رصافہ بھی بن گئی تو امام صاحب کو بلوا لیا۔ اور رصافہ کی قضاۃ انہیں دینی چاہی آپ نے انکار کیا تو منصور نے کہا تمہیں کوڑے مارے جائیں گے۔ امام صاحب نے فرمایا کیا سچ مچ آپ ایسا ہی کریں گے جواب ملا کہ یقیناً یہی ہونا ہے تو آپ نے عہدۂ قضا قبول کر لیا دو دن تک تو کوئی مقدمہ نہ آیا تیسرے دن پیتل بیچنے والا ایک شخص دوسرے آدمی کو لئے ہوئے آیا اور کہا کہ اس کے ذمے میرے دو درہم اور چار دانق ایک پتیلی کی قیمت میں سے باقی ہیں امام صاحب نے اس دوسرے شخص سے فرمایا کہ اللہ سے ڈرو اور دیکھو کہ یہ کیا کہہ رہا ہے اس نے کہا غلط کہتا ہے اس کا میرے ذمے کچھ باقی نہیں امام صاحب نے مدعی سے کہا کہو اب کیا کہتے ہو اس نے کہا حضرت اس سے قسم کھلوایئے

الدرھمین فلما کان بعد یومین اشتکی ابو حنیفة فمرض ستة ایام ثم مات قال
ابو الفضل یعنی عباسا وھذا قبرہ فی مقابر الخیزران اذا دخلت من باب القطانین
بیسرة بعد قبرین او ثلاثة وقیل ان المنصور اقدمه بغداد لامر اٰخر غیر القضاء اٰنا
القاضی ابو العلاء الواسطی نا ابو القاسم طلحة بن محمد بن جعفر نا ابو بکر محمد بن احمد
بن یعقوب بن شیبة عن جدہ یعقوب قال حدثنی عبد اللہ بن الحسن قال سمعت
الواقدی یقول کنت بالکوفة وقد اشخص ابو جعفر امیر المؤمنین ابا حنیفة
الی بغداد- اٰنا محمد بن احمد بن رزق انا اسماعیل بن علی الخطبی نا محمد بن عثمان
نا نصر بن عبد الرحمن قال نا الفضل بن دکین حدثنی زفر بن الھذیل قال
کان ابو حنیفة یجھر بالکلام ایام ابراھیم جھارا شدیدا فقلت له واللہ
ما انت بمنتہ حتّٰی توضع الحبال فی اعناقنا قال فلم یلبث ان جاء کتاب المنصور
الی عیسٰی بن موسٰی ان احمل ابا حنیفة قال فغدوت الیه ووجھه کانه مسح
قال فحمل الی بغداد فعاش خمسة عشر یوما ثم سقاہ فمات وذلك فی سنة
خمسین ومات ابو حنیفة وله سبعون سنة -

امام صاحب نے کہا کہو قسم ہے اس خدا کی جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ قسم کھانے کو
آمادہ ہوگیا امام صاحب نے جھٹ سے روک دیا اور اپنی جیب سے دو بھاری
درہم نکال کر مدعی کو دیکر کہا لو یہ تمہاری لغایا قیمت ہے وہ درہم لیکر چلتا بنا اس کے
دو دن بعد امام صاحب بیمار ہو گئے اور چھہ دن بیمار رہ کر فوت ہوگئے۔ ابو الفضل
عباس کہتے ہیں مقبرۂ خیزران میں جب قطانین کے دروازے سے جائیں تو بائیں
جانب دو تین قبریں چھوڑ کر آپکی تربت ہے " اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ منصور نے
امام صاحب کو قضا کے لیئے نہیں بلکہ کسی اور کام کے لیئے بلایا تھا" واقدی
کہتے ہیں میں کوفہ میں تھا جو امیر المؤمنین ابو جعفر نے امام صاحب کو بغداد
کی طرف بلا لیا۔ زفر بن ہذیل کہتے ہیں کہ ابراہیم کے زمانہ میں امام صاحب حکومت
کے خلاف سخت پروپیگنڈے میں مشغول تھے میں نے ایک مرتبہ انسے کہا
کہ کیا آپ اس سے باز نہیں آئیں گے اور ہماری گردنوں میں پھاڑ
لٹکائیں گے۔ اس گفتگو کو تھوڑے ہی دن گذرے ہوں گے

صفة ابی حنیفة وذکر السنة التی ولد فیها

انا القاضی ابو عبد الله الصمیری قال قرانا علی الحسین بن هرون الضبی عن ابی العباس بن سعید قال نا عبد الله بن ابراهیم بن قتیبة نا حسن بن الخلال قال سمعت مزاحم بن داود بن علیة یذکر عن ابیه او غیره قال ولد ابو حنیفة سنة احدی وستین ومات سنة خمسین ومأتہ لا اعلم لصاحب القول متابعا انا ابو نعیم الحافظ نا ابو اسحاق ابراهیم بن عبد الله الاصبهانی بنیسابور نا محمد بن اسحاق الثقفی نا یوسف بن موسی نا ابو نعیم قال ولد ابو حنیفة سنة ثمانین وکان له یوم مات سبعون سنة ومات فی سنة خمسین ومأتہ و هو النعمان بن ثابت اخبر نا التنوخی حدثنی ابو بکر نا ابو بکر محمد بن حمدان بن الصباح النیسابوری بالبصرة نا احمد بن الصلت بن المغلس الحمانی قال سمعت ابا نعیم یقول ولد ابو حنیفة سنة ثمانین ومأتہ ومات سنة خمسین ومأتہ وعاش سبعین سنة قال ابو نعیم وکان ابو حنیفة حسن الوجه حسن الثیاب طیب الریح حسن المجلس شدید الکرم حسن المواساة لاخوانه۔ انا الخلال

جو منصور کا خط عیسیٰ بن موسیٰ کیطرف آیا کہ امام صاحب کو یہاں بھیجدو میں یہ سنکر امام صاحب کے پاس گیا آپ کا چہرہ مارے غم ورنج کے بدل گیا تھا آخر آپ کو بغداد جانا پڑا پندرہ روز وہاں آپ زندہ رہے پھر آپکو کچھ پلایا اور آپ کا انتقال ہو گیا یہ ۱۵۰ھ کا واقعہ ہے امام صاحب کی عمر اسوقت ستر سال کی تھی۔

امام صاحب کی صفت اور سنِ ولادت کا بیان

عُلیہ کہتے ہیں کہ امام صاحب ۶۱ھ میں تولد ہوئے اور ۱۵۰ھ میں فوت ہوئے لیکن اس قول کی موافقت کوئی نہیں کرتا۔ ابو نعیم کہتے ہیں کہ امام صاحب ۸۰ھ میں تولد ہوئے اور ستر سال کی عمر میں ۱۵۰ھ میں انتقال کر گئے آپ کا نام نعمان بن ثابت ہے۔ ابو نعیم کہتے ہیں کہ امام صاحب ۸۰ھ میں تولد ہوئے اور ۱۵۰ھ میں انتقال ہوا ستر سال کی عمر پائی امام صاحب خوبصورت خوش لباس خوشبو والے عمدہ مجلس والے بہت

انا محرزی ان النخعی حدثهم قال نا محمد بن علی بن عفان قال سمعت عمر بن
حماد یقول سمعت ابا یوسف یقول کان ابو حنیفة ربعا من الرجال لیس بالقصیر
ولا بالطویل وکان احسن الناس منطقا واحلاہ نغمة وانبههم علی ما یریدہ
وقال النخعی نا محمد بن جعفر بن اسحاق بن عمر بن حماد بن ابی حنیفة ان ابا حنیفة
کان طوالا تعلوہ سمرة وکان لباسا حسن الهیئة کثیر التعطر یعرف بریح الطیب
اذا اقبل واذا خرج من منزله قبل ان تراہ - انا القاضی ابو بکر احمد بن الحسن
الحرشی نا ابو العباس محمد بن یعقوب الاصم نا محمد بن الجهم نا ابراهیم بن عمر بن
حماد بن ابی حنیفة قال قال ابو حنیفة لا یکتنی بکنیتی بعدی الا مجنون
قال فرأینا عدة اکتنو بها فکان فی عقولهم ضعف - انا ابو نعیم الحافظ نا
ابو بکر عبد الله بن یحیی الطلحی نا عثمان بن عبید الله الطلحی نا اسماعیل بن محمد
الطلحی نا سعید بن سالم البصری قال سمعت ابا حنیفة یقول لقیت عطاء
بمکة فسألته عن شیٔ فقال من این انت قلت من اهل الکوفة قال انت من
اهل القریة الذین فارقوا دینهم وکانوا شیعا قلت نعم فمن ای الاصناف

کرم والے اور اپنے بھائیوں کے ساتھ ہمدردی کرنے والے تھے۔
ابو یوسف کہتے ہیں امام صاحب کا درمیانہ قد تھا نہ تو زیادہ پست تھے نہ
بہت لمبے باتیں بہت اچھی ہوتی تھیں لب و لہجہ نہایت شیریں ہوتا تھا اپنے
ارادوں میں بہت بیدار مغز تھے۔ محمد بن جعفر کہتے ہیں امام صاحب دراز
قد تھے گندمی رنگ تھا لباس بہت اعلیٰ پہنتے تھے خوشبو کا بہت استعمال
کرتے تھے محض خوشبو سے بے دیکھے پہچان لیتے جاتے کہ اب آئے اور اب
گھر سے نکلے امام صاحب فرمایا کرتے تھے کہ میرے سوا ابو حنیفہ کنیت صرف
وہی رکھیگا جو پاگل ہو ابراہیم بن عمر کہتے ہیں کہ ہم نے اکثر لوگوں کو دیکھا کہ انہوں
نے اپنی کنیت ابو حنیفہ رکھی اور انکی عقل میں ضعف تھا۔ امام صاحب
فرماتے ہیں میں نے حضرت عطا سے مکہ شریف میں ملاقات کی اور ان سے
کچھ دریافت کیا تو فرمانے لگے تم کہاں کے ہو میں نے کہا میں کوفی ہوں
کہا تم اس شہر کے رہنے والوں میں ہو جنہوں نے دین کے ٹکڑے ٹکڑے

انت قلت ممن لا یسب السلف ویؤمن بالقدر ولا یکفر احدا بذنب قال فقال لی عطاء عرفت فالزم

ذکر
خبر ابتداء ابی حنیفة بالنظر فی العلم

انا الخلال انا علی بن عمر الحریری ان علی بن محمد النخعی حدثهم قال نا محمد بن محمود الصیدنانی نا محمد بن شجاع بن الثلجی نا الحسن بن ابی مالک عن ابی یوسف قال قال ابو حنیفة لما اردت طلب العلم جعلت اتخیر العلوم واسأل عن عواقبها فقیل لی تعلم القرآن فقلت اذا تعلمت القرآن وحفظته فما یکون آخره قالوا تجلس فی المسجد ویقرأ علیک الصبیان والاحداث ثم لا یلبثون ان یخرج فیهم من هو احفظ منک او یساویک فی الحفظ فتذهب ریاستک قلت فان سمعت الحدیث وکتبته حتی لم یکن فی الدنیا احفظ منی قالوا اذا کبرت وضعفت حدثت واجتمع علیک الاحداث والصبیان ثم لا تأمن ان تغلط فیرمونک بالکذب فیصیر عارا علیک فی عقبک فقلت لا حاجة لی فی هذا ثم قلت اتعلم النحو فقلت اذا حفظت النحو والعربیة ما یکون آخر امری قالوا تقعد معلما فاکثر رزقک دیناران الی ثلاثة

کر دیئے اور جدا جدا فرقے بن گئے ہیں نے کہا درست ہے پھر یہ پوچھا تم کس فرقہ سے تعلق رکھتے ہو میں نے کہا اس سے جو سلف کو برا بھلا نہیں کہتے اور تقدیر پر ایمان رکھتے ہیں اور کسی شخص کو کسی گناہ کی وجہ سے کافر نہیں کہتے عطاء رحمۃ اللہ نے فرمایا تم جان گئے اب اسی پر مضبوط رہنا۔

امام صاحبؒ کا علم کی طرف متوجہ ہونا

امام صاحب فرماتے ہیں جب میں نے طالب علمی کا ارادہ کیا تو ہر ہر علم کے انجام کو پوچھنے لگا مجھ سے کہا گیا تم قرآن شریف کا علم سیکھو میں نے کہا اگر میں قرآن سیکھ لوں اور حفظ بھی کر لوں تو نتیجہ کیا ہوگا؟ جواب ملا کہ آپ کو بچوں کا اور نوعمر لوگوں کا استاد بنا کر کسی مسجد میں بٹھا دیا جائے گا پھر یہ بھی ممکن ہے کہ آپ کے شاگردوں میں سے کوئی آپ کی برابری کا یا آپ سے بھی بڑھ کر نکل آئے تو اس وقت آپ کی ریاست چھن جائے گی میں نے کہا اگر میں حدیث

قلت وھذا لا عاقبة له قلت فان نظرت فی الشعر فلم یکن احد اشعر منی ما یکون امری
قال تمدح ھذا فیھب لك او یحملك علی دابة او یخلع علیك خلعة وان حرمك
ھجوته فصرت تقذف المحصنات قلت لا حاجة لی فی ھذا قلت فان نظرت فی الکلام
ما یکون اٰخره قالوا لا یسلم من نظر فی الکلام من مشنعات الکلام فیرمی به بالزندقة
فاما ان توخذ فتقتل واما ان تسلم فتکون مذموما ملوما قلت فان تعلمت الفقه
قالوا تسأل وتفتی الناس وتطلب للقضاء وان کنت شابا قلت لیس فی العلوم
شئ انفع من ھذا فلزمت الفقه وتعلمته۔ انا الضیفی نا محمد بن العباس
انا ابو ایوب سلیمان بن اسحاق الجلاب قال سمعت ابراھیم الحربی یقول
کان ابو حنیفة طلب النحو فی اول امره فذھب یقیس فلم یجئ واراد ان یکون
فیه استاذا فقال قلب وقلوب وکلب وکلوب فقیل له کلب وکلاب فترکه ووقع فی
الفقه فکان یقیس ولم یکن له علم بالنحو فقال له رجل بمکة رجل شج رجلا بحجر فقال ھذا
خطأ لیس علیه شئ لو انه حتی یرمیه بابا قبیس لم یکن علیه شئ اخبرنی البرقانی
انا محمد بن العباس الخزاز نا عمر بن سعد نا عبد اللہ بن محمد حدثنی ابو مالك بن

سنوں اور اس میں ایسی مہارت پیدا کر لوں کہ دنیا میں کوئی مجھ سے بڑھکر
حافظ الحدیث نہ ہو تو انجام کیا ہوگا! کہا آپکے بڑھاپے اور ضعیفی کے وقت
بچے اور نوجوان جمع ہو جائیں گے آپ حدیثیں بیان کریں گے جہاں کوئی غلطی
کی اور آپکو جھوٹا کہدیا جائیگا اور ہمیشہ تک یہ خطاب باقی رہیگا۔ میں نے کہا
مجھے اس علم حدیث کی کوئی حاجت نہیں "پھر میں نے پوچھا اگر میں نحو پڑھوں
اور عربیت اعلیٰ سیکھوں تو نتیجہ کیا ہوگا۔؟ کہا آپ معلم بنجائیں گے اور دو تین
دینار کا وظیفہ مقرر ہو جائیگا میں نے کہا اسکا بھی کوئی اعلیٰ نتیجہ نہیں اچھا اگر
میں شاعری سیکھوں تو کیا ہوگا؟ کہا آپ کسی کی تعریف میں قصیدہ کہیں گے
ممکن ہو کہ وہ آپکو کچھ ہدیہ مثلاً سواری یا خلعت وغیرہ تو توخیر اور ممکن
ہے کچھ ندے تو اب آپ اس کی ہجو کرنے بیٹھ جائیں گے اور اس میں
پاکدامنوں پر بھی تہمتیں تراشیں گے میں نے کہا مجھے اس علم کی بھی کوئی
حاجت نہیں پھر میں نے پوچھا اگر میں علم کلام پڑھوں تو؟ کہا عموماً

ابی بھز البجلی عن عبد اللہ بن صالح عن ابی یوسف قال قال لی ابو حنیفۃ انہم یقرؤ
حرفا فی یوسف یلحنون فیہ قلت ما ہو قال قولہ لا یاتیکما طعام ترزقانہ فقلت
فکیف ہو قال ترزقانہ نا آنا الخلال انا الحریری ان النخعی حدثہم قال حدثنی
جعفر بن محمد بن حازم نا الولید بن حماد عن الحسن بن زیاد عن زفر بن الہذیل
قال سمعت ابا حنیفۃ یقول کنت انظر فی الکلام حتی بلغت فیہ مبلغا یشار الیہ
فیہ بالاصابع وکنا نجلس بالقرب من حلقۃ حماد بن ابی سلیمان فجائتنی امرأۃ
فقالت رجل لہ امرأۃ امۃ اراد ان یطلقہا للسنۃ کم یطلقہا فلم ادر ما اقول فامرتہا
تسأل حمادا ثم ترجع فتخبرنی فسألت حمادا فقال یطلقہا وہی طاہر من الحیض
والجماع تطلیقۃ ثم یترکہا حتی تحیض حیضتین فاذا اغتسلت فقد حلت
للازواج فرجعت فاخبرتنی فقلت لا حاجۃ لی فی الکلام واخذت نعلی فجلست
الی حماد فکنت اسمع مسائلہ فاحفظ قولہ ثم یعیدہا من الغد فاحفظہا و
یخطی اصحابہ فقال لا یجلس فی صدر الحلقۃ بحذائی غیر ابی حنیفۃ فصحبتہ
عشرۃ سنین ثم نازعتنی نفسی لطلب الریاسۃ فاحببت ان اعتزلہ و

کلام پڑھنے والے خلاف شرع باتوں کے قائل ہو جاتے ہیں پھر انہیں
زندیق اور بیدین کہا جاتا ہے پس یا تو اسکی وجہ سے آپ قتل کر دیئے جائینگے
یا اپنے خیالات سے ہٹ کر دل شکستہ اور مذموم ہو کر بیٹھ رہینگے میں نے کہا اچھا
میں فقہ سیکھوں تو؟ کہا پھر تو ہر شخص آپ سے مسائل پوچھتا پھریگا آپ
مفتی اور قاضی بن جائینگے اگرچہ جوان ہوں میں نے کہا بس تو اس سے
بڑھ کر نفع دینے والا کوئی علم نہیں پھر میں علم فقہ کو چمٹ گیا اور اسی کو سیکھا
ابراہیم حریری کہتے ہیں کہ امام صاحب نے ابتدا میں صرف نحو شروع کی
اس میں آپ نے قیاس چلانا اور استاد بننا چاہا مگر کام نہ چلا ایکدن
قیاس کر کے فرمانے لگے جب قَلْبٌ کی جمع قُلُوْبٌ ہے تو کَلْبٌ کی جمع کُلُوْبٌ
ثابت ہو گئی صرف نحو جاننے والوں نے کہا کَلْبٌ کی جمع کِلَابٌ آتی ہے کُلُوْبٌ نہیں آتی
اس وجہ سے اس علم کو آپ نے ترک کر دیا اور فقہ سیکھنی شروع کر دی چونکہ
علم نحو نہ تھا اس لئے عربی بولنے میں غلطی کر جاتے تھے ایک مرتبہ ایک شخص نے

اجلس في حلقة لنفسي فخرجت يوما بالعشي وعزمي ان افعل فلما دخلت المسجد فرأيته لم تطب نفسي ان اعتزله فجئت وجلست معه فجاءه في تلك الليلة نعي قرابة له قد مات بالبصرة وترك مالا وليس له وارث غيره فامرني ان اجلس مكانه فما هو الا ان خرج حتى وردت علي مسائل لم اسمعها منه فكنت اجيب واكتب جوابي فغاب شهرين ثم قدم فعرضت عليه المسائل وكانت نحوا من ستين مسئلة فوافقني في اربعين وخالفني في عشرين فآليت على نفسي ان لا افارقه حتى يموت فلم افارقه حتى مات - انا ابو عبد الله محمد بن عبد الواحد انا الوليد بن بكر الاندلسي نا علي بن احمد بن زكريا الهاشمي نا ابو مسلم صالح بن احمد بن عبد الله العجلي حدثني ابي قال قال ابو حنيفة قدمت البصرة فظننت اني لا اسئل عن شئ الا اجبت فيه فسألوني عن اشياء لم يكن عندي فيها جواب فجعلت على نفسي ان لا افارق حمادا حتى يموت فصحبته ثماني عشرة سنة اخبرني الصيمري قال قرأنا على الحسين بن هرون الضبي عن ابي العباس احمد بن محمد بن سعيد قال نا محمد بن عبيد بن عتبة ثنا محمد بن الحسين ابو بشير انا ابراهيم بن سماعة

پوچھا کہ اگر کوئی کسی دوسرے کا سر پتھر سے کچل ڈالے تو کیا سزا ہے آپ نے فرمایا یہ خطا ہے اُسپر کوئی سزا نہیں اگرچہ ابو قبیس کے ساتھ نہ کچلے۔ یہاں آپنے لفظ بِاَبَا قُبَیْسٍ فرمایا حالانکہ عربیت کے قاعدے سے لفظ بِاَبِي قُبَيْسٍ کہنا چاہیئے۔ امام صاحب فرماتے ہیں لوگ سورۂ یوسف میں ایک لفظ غلط پڑھتے ہیں وہ پڑھتے ہیں لَا یَأْتِیْکُمَا طَعَامٌ تُرْزُقَانِهٖ حالانکہ تُرْزَقَانِهٖ پڑھنا چاہیئے۔

امام صاحب فرماتے ہیں میں نے علم کلام پڑھنا شروع کیا تھا اور اسقدر پڑھ لیا تھا کہ میری طرف انگلیاں اُٹھنے لگی تھیں حضرت حماد بن ابو سلیمان کی مجلس کے پاس ہی ہم بھی بیٹھا کرتے تھے ایک مرتبہ ایک عورت میرے پاس آئی اور مجھ سے پوچھا ایک شخص ہے جو اپنی لونڈی بیوی کو سنت کے مطابق طلاق دینا چاہتا ہے تو کس طرح طلاق دے مجھے کوئی جواب نہ بن پڑا میں نے کہا تم حماد سے جا کر دریافت کرو اور لوٹ کر مجھے بھی خبر کرو۔ اُس نے جا کر حضرت حماد سے

مولی بنی ضبة قال سمعت اباحنیفة یقول ما صلیت صلاة منذ مات حماد الا استغفرت له مع والدی وانی لاستغفر لمن تعلمت منه علما او علمته علما۔ وانا الصیمری نا عمر بن ابراهیم المقری نا مکرم بن احمد نا مقلس نا هناد بن السری قال سمعت یونس بن بکیر یقول سمعت اسمٰعیل بن حماد بن ابی سلیمان یقول غاب ابی غیبة فی سفر له ثم قدم فقلت له یا ابت الی ای شیٔ کنت اشوق قال وانا اری انه یقول الی ابنی فقال الی ابی حنیفة ولو امکننی ان لا ارفع طرفی عنه فعلت

آخبرنی محمد بن عبد الملك القرشی انا ابو العباس احمد بن محمد بن الحسین الرازی نا علی بن احمد الفارسی نا محمد بن فضیل هو البلخی العابد نا ابو مطیع قال قال ابو حنیفة دخلت علی ابی جعفر امیر المؤمنین فقال لی یا ابا حنیفة عمن اخذت العلم قال قلت عن حماد عن ابراهیم عن عمر بن الخطاب وعلی بن ابی طالب وعبد الله بن مسعود وعبد الله بن عباس قال فقال ابو جعفر بخ بخ استوثقت ما شئت یا ابا حنیفة الطیبین الطاهرین المبارکین صلوات الله علیهم

آخبرنی ابو بشر محمد بن عمر الوکیل وابو الفتح عبد الکریم بن محمد الضبی قال نا

یہی مسئلہ پوچھا حماد نے فرمایا جب عورت حیض سے پاک ہو اسوقت بغیر اُس سے صحبت کئے طلاق دیدے پھر جب اُسپر دو حیض اور گذر جائیں اور وہ نہا دھو لے تو اُس عورت کو دوسرا نکاح حلال ہو جائے گا۔ وہ یہ جواب لیکر میرے پاس آئی اور مجھے خبر دی میں نے کہا علم کلام کی مجھ کو کوئی حاجت نہیں اپنی جوتی لیئے ہوئے میں سیدھا حضرت حماد کے پاس جا پہنچا اور مسائل سننے اور یاد کرنے لگا حضرت حماد آج کے مسائل دوسرے دن جب شاگردوں سے دریافت فرماتے تو وہ لوگ غلطی کر جاتے مگر مجھے حفظ نکلتے چنانچہ حضرت حماد نے فرمایا صدر مجلس میں میرے سامنے سوائے ابوحنیفہ کے اور کوئی نہ بیٹھے میں دس سال تک تو اُنسے پڑھتا رہا۔ ایک مرتبہ جی میں یہی آگئی کہ میں آپ اپنی مجلس الگ قایم کر کے خود سردار بن کر کیوں نہ بیٹھوں؟ چنانچہ میں حماد سے الگ ہو کر اپنی مجلس الگ قائم کرنے اور سرداری جمانے کے پختہ ارادے سے تیار ہو کر ایک دن مسجد میں آیا لیکن پھر اُستاد صاحب کو دیکھکر الگ مجلس قائم کرنے کی جرأت نہ ہوئی اور اُسی حلقہ میں آبیٹھا اتفاق سے اُسی

عمر بن احمد الواعظ نا مکرم بن احمد القاضی نا احمد بن عطیة الکوفی نا ابن ابی
ادیس قال سمعت الربیع بن یونس یقول دخل ابوحنیفة یوما علی المنصور وعنده
عیسیٰ بن موسیٰ فقال للمنصور هذا عالم الدنیا الیوم فقال له یا نعمان عمن
اخذت العلم قال عن اصحاب عمر عن عمر وعن اصحاب علی عن علی وعن اصحاب
یحییٰ قطانؒ کہتے ہیں خدا کی قسم ہم امام صاحب کے ساتھ بیٹھے اُٹھے ہم نے آپ کی باتیں بھی سنیں واللہ میری نگاہیں تو جب اُن کے چہرے پر پڑتیں دل یقین کر لیتا کہ یہ شخص اللہ عز وجل سے ڈرتا ہے۔ حسن بن محمد لیثی کہتے ہیں میں نے کوفہ میں آ کر پوچھا کہ سب سے زیادہ عبادت گذار یہاں کون ہے؟ تو امام صاحب کی طرف اشارے ہوئے پھر بڑھاپے میں کوفے میں آیا اور پوچھا یہاں سب سے بڑا فقیہ کون ہے تو بھی آپ ہی کی طرف نگاہیں اُٹھیں۔ سفیان بن عیینہؒ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ ابوحنیفہؒ پر رحم کرے بڑے نمازی تھے۔ فرماتے ہیں ہمارے زمانہ میں امام صاحب سے زیادہ نماز پڑھنے والا کوئی شخص مکہ شریف میں نہیں آیا۔ ابومطیع کہتے ہیں میں مکہ شریف میں تجارت کو جس وقت بھی حرم میں آیا ابوحنیفہؒ اور سفیانؒ کو طواف میں پایا۔ یحییٰ بن ایوب زاہد کہتے ہیں امام صاحب رات کو سوتے نہ تھے۔ سفیان بن عیینہؒ کہتے ہیں ابوحنیفہؒ بڑے بامروت شخص تھے۔ اول زمانے میں اُنکی نماز بہت تھی۔ بہیرے پاس غلام خرید کر آزاد کر دیا کرتے تھے اور راتوں کو گھر میں تہجد پڑھا کرتے تھے اور لوگ بھی آجایا

وهو احسن من قدرنا عليه فمن جاء نا باحسن من قولنا فهو اولى بالصواب وانا الجوهري انا محمد بن عبد الله الابهري نا ابو عروبة الحرانی نا سلیمان بن سیف قال سمعت ابا عاصم يقول قال رجل لابی حنیفة متى يحرم الطعام على الصائم قال اذا طلع الفجر قال فقال له السائل فان طلع نصف الليل قال فقال له ابو حنیفة قم یا اعرج

ما ذكر من عبادة ابي حنيفة وورعه

انا محمد بن احمد بن رزق نا ابن على بن عمر بن حبيش الرازي قال سمعت محمد بن احمد بن عصام يقول سمعت محمد بن سعد العوفي يقول سمعت يحيى بن معين يقول سمعت يحيى القطان يقول جالسنا والله ابا حنيفة وسمعنا منه وكنت والله اذا نظرت اليه عرفت في وجهه انه يتقي الله عز وجل انا الصيمري قال قرأنا على الحسين بن هرون عن ابي العباس بن سعيد قال نا ابراهيم بن الوليد نا محمد بن اسحاق البلخي قال سمعت الحسن بن محمد الليثي يقول قدمت الكوفة فسألت عن اعبد اهلها فدفعت الى ابي حنيفة ثم قدمتها وانا شيخ فسألت عن افقه اهلها فدفعت الى ابي حنيفة انا محمد بن احمد بن رزق قال سمعت ابا نصر

کرتے تھے اور اُن کے ساتھ نماز میں شامل ہو جایا کرتے تھے انہی میں امام صاحب بھی تھے۔ ابو عاصم نبیل کہتے ہیں امام صاحب کی بکثرت نماز کی وجہ سے لوگ انہیں وتد کہا کرتے تھے حفص بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں امام صاحب تیس سال تک راتوں کو جاگتے رہے اور ایک رکعت میں قرآن کا ختم کرتے رہے۔ زافر بن سلیمان بھی یہی کہتے ہیں اسد بن عمرو کہتے ہیں کہ جہاں تک یاد رکھا گیا ہے امام صاحب نے چالیس سال تک عشا کے وضو سے فجر کی نماز ادا کی ہے ایک رکعت میں سارا قرآن ختم کرتے تھے اور راتوں کو اسقدر روتے تھے کہ پڑوسیوں کو رحم آتا تھا جس جگہ فوت ہوئے اُس جگہ قرآن کریم کے سات ہزار ختم کئے تھے۔ امام صاحب کو حسن بن عمارہ نے غسل دیا اور کہا اللہ تجھ پر رحم کرے اور تجھے بخشے تیس سال سے تو پے در پے روزے رکھتا تھا اور چالیس سال سے تو راتوں کو نہیں سویا۔ تو نے اپنے بعد والوں کو مشقت میں ڈال دیا۔ اور قاریوں کو رسوائی میں منصور بن ہاشم کہتے ہیں ہم عبداللہ بن مبارک کے ساتھ قادسیہ میں تھے ایک کوفی آیا۔ اور امام صاحب کو برا کہنے لگا عبداللہ

ابالحسن بن ابی بکر انا ابو نصر احمد بن نصر بن محمد بن اشکاب البخاری قال سمعت ابا اسحاق
ابراهیم بن محمد بن سفیان یقول سمعت علی بن سلمة یقول سمعت سفیان بن عیینة
یقول رحم الله ابا حنیفة کان من المصلین اعنی انه کان کثیر الصلوٰة انا التنوخی
حدثنی ابی نا محمد بن احمد الصیرفی نا احمد بن الصلت الحمانی قال سمعت سوید بن سعید
یقول سمعت سفیان بن عیینة یقول ما قدم مکة رجل فی وقتنا اکثر صلوٰة من ابی
حنیفة انا محمد بن عبد الملک القرشی انا احمد بن محمد بن الحسین الرازی نا علی بن احمد
الفارسی نا محمد بن فضیل قال قال ابو مطیع کنت بمکة فما دخلت الطواف فی ساعة
من ساعات اللیل الا رأیت ابا حنیفة وسفیان فی الطواف نا ابراهیم بن مخلد المعدل نا محمد بن احمد بن
ابراهیم الحکیمی نا مقاتل بن صالح نا ابو علی المطرز قال سمعت یحیی بن ایوب الزاهد
یقول کان ابو حنیفة لا ینام اللیل انا ابو نعیم الحافظ انا عبد الله بن جعفر بن فارس
فیما اذن لی ان ارویه عنه قال نا هرون بن سلیمان نا علی بن المدینی قال سمعت سفیان
بن عیینة یقول کان ابو حنیفة له مروة وله صلوٰة فی اول زمانه قال سفیان
اشتری ابی مملوکا فاعتقه وکان له صلوٰة من اللیل فی داره فکان الناس ینتابونه

نے فرمایا تو ایسے شخص کو بُرا کہتا ہے جس نے پینتالیس سال تک ایک وضو سے پانچوں
نمازیں پڑھی ہیں جو ایک رات میں دو رکعتوں میں قرآن شریف ختم کیا کرتے تھے اور جو
فقہ تو نے مجھ سے سیکھی وہ انہی کی فقہ تھی۔ ابو یوسف کہتے ہیں میں ایک مرتبہ امام صاحب
کے ساتھ جا رہا تھا تو ایک شخص دوسرے سے کہنے لگا یہ ابو حنیفہ ہیں جو رات کو سوتے
نہیں آپ نے یہ سن کر فرمایا خدا کی قسم ایسا نہیں ہو سکتا کہ لوگ میری نسبت ایسی باتیں
کہیں جو مجھ میں نہ ہوں چنانچہ اسکے بعد سے وہ نماز اور دعا اور گریہ وزاری میں رات
گذارا کرتے تھے یحیی بن فضیل کہتے ہیں میں ایک جماعت میں تھا امام صاحب
بھی وہاں آگئے بعض لوگوں نے کہا نہیں کیا دیکھتے ہو یہ تو رات کو سوتے ہی نہیں
آپ نے بھی اسے سُن لیا اور کہنے لگے یہ نہیں ہو سکتا کہ لوگ مجھے جیسا جانتے ہوں
خدا کے نزدیک میں ایسا نہ ہوؤں میں اب اپنی کروٹ بھی بستر پہ نہ رکھوں گا یہاں تک
کہ اللہ سے جا ملوں یحیی کہتے ہیں آپ آخر دم تک ساری ساری رات نماز پڑھا
کرتے تھے۔ ابو الجویریہ کہتے ہیں میں حماد بن ابو سلیمان محارب بن دثار علقمہ بن

فيها ويصلون معه مد الليل فكان ابوحنيفة فيمن يحيى يصلي أخبرني عبد الباقي بن
عبد الكريم انا عبد الرحمن بن عمر نا محمد بن احمد بن يعقوب نا جدي قال حدثني محمد بن بكر
قال سمعت ابا عاصم النبيل يقول كان ابوحنيفة يسمى الوتد لكثرة صلوته اخبرني
الصيمري قال قرأنا على الحسين بن هرون عن ابن سعيد قال نا عبد الله بن محمد بن نوح
قال نا محمد بن يزيد السلمي نا حفص بن عبد الرحمن قال كان ابوحنيفة يحيى الليل
بقراءة القرآن في ركعة ثلاثين سنة وقال ابن سفيان نا محمد بن احمد بن الحسن
نا ابي قال سمعت زافر بن سليمان يقول كان ابوحنيفة يحيي الليل بركعة يقرأ
فيها القرآن آنا علي بن الحسن المعدل نا ابوبكر احمد بن محمد بن يعقوب الكاغذي
نا ابومحمد عبد الله بن محمد بن يعقوب بن الحرث البخاري انا احمد بن الحسين البلخي
نا حماد بن قريش قال سمعت اسد بن عمرو يقول صلى ابوحنيفة فيما حفظ عليه
صلوة الفجر بوضوء صلوة العشاء اربعين سنة فكان عامة الليل يقرأ جميع
القرآن في ركعة واحدة وكان يسمع بكاءه بالليل حتى يرحمه جيرانه واحفظ
عليه انه ختم القرآن في الموضع الذي توفي فيه سبعة آلاف مرة اخبرني

بن مرثد عون بن عبد اللہ اور ابو حنیفہ کی خدمت میں حاضر رہا۔ لیکن رات کی عبادت میں
میں نے کسی کو امام صاحب سے زیادہ اچھا نہیں دیکھا کئی ماہ تک میں دیکھتا رہا
امام صاحب نے رات کو کروٹ تک نہیں لگائی آپ فجر کی نماز عشاء کے وضوء سے
پڑھتے تھے اور رات کو جب نماز کا ارادہ کرتے تو زینت کرتے یہاں تک کہ داڑھی
میں کنگھی بھی کرتے۔ مسعر بن کدام کہتے ہیں میں مسجد میں امام صاحب کے پاس آیا میں نے
دیکھا صبح کی نماز کے بعد ظہر کی نماز تک تعلیم میں مشغول رہے۔ پھر ظہر سے عصر تک
پھر عصر سے مغرب تک پھر مغرب سے عشاء تک میں نے اپنے جی میں کہا آخر انہیں
عبادت کا کب وقت ملتا ہوگا یہ تو دن بھر اسی شغل میں رہے۔ اچھا اب میں رات کو
بھی نگاہ رکھوں گا رات کو جب لوگوں کی آمد و رفت کم ہو گئی تو امام صاحب نکلے
مسجد میں آئے اور نماز کے لئے کھڑے ہو گئے صبح تک نماز میں مشغول رہے
پھر گھر گئے کپڑے پہن کر مسجد میں آکر صبح کی نماز ادا کی پھر پڑھانے بیٹھ گئے آج کا
دن بھی اسی طرح گذر گیا رات آئی میں نے خیال کیا کہ آج بھی رات تو عبادت نہیں

الحسين بن محمد اخو الخلال نا اسحاق بن محمد بن حمدان المهلبی بنجاری نا عبد اللہ بن محمد بن یعقوب نا قیس بن ابی قبیس نا محمد بن حرب المروزی نا اسماعیل بن حماد بن ابی حنیفة عن ابیه قال لما مات ابی سألنا الحسن بن عمارة ان یتولی غسله ففعل فلما غسله قال رحمك الله وغفر لك لم تفطر منذ ثلاثین سنة ولم تتوسد یمینك باللیل منذ اربعین سنة وقد اتعبت من بعدك وفضحت القراء انا الحسین بن علی بن محمد المعدل انا القاضی ابو نصر محمد بن محمد بن سهل النیسابوری نا احمد بن هرون الفقیه حدثنی محمد بن المنذ رین سعید الهروی نا محمد بن سهل بن منصور المروزی قال حدثنی احمد بن ابراهیم قال سمعت منصور بن هاشم یقول کنا مع عبد الله بن المبارك بالقادسیة اذ جاء رجل من اهل الکوفة فوقع فی ابی حنیفة فقال له عبد الله ویحك اتقع فی رجل صلی خمسا واربعین سنة خمس صلوات علی وضوء واحد وکان یجمع القرآن فی رکعتین فی لیلة وتعلمت الفقه الذی عندی من ابی حنیفة انا الخلال انا الحریری ان النخعی حدثهم قال نا محمد بن الحسن بن مکرم نا بشیر بن الولید عن ابی یوسف قال بینا انا امشی مع ابی حنیفة اذ سمع رجلا یقول لرجل هذا ابو حنیفة لا ینام اللیل فقال

کر سکتے لیکن وہ رات بھی اُسی طرح عبادت میں گذاری۔ پھر تیسرا دن بھی اسیطرح پڑھانے میں گذارا میں نے اپنے جی میں خیال کیا کہ آجکی رات تو قیام نہیں ہو سکے گا لیکن یہ رات بھی اسی طرح عبادت میں جاگتے ہوئے کاٹی۔ تین راتیں تین دن اسیطرح اور چوتھے دن بھی حسب معمول مجلس میں بیٹھ گئے میں نے کہا اب تو زندگی بھر ان کا دامن نہ چھوڑوں گا چنانچہ میں بھی مسجد میں رہنے لگا۔ ابن ابی معاذ کہتے ہیں کہ مسعر کا انتقال بھی امام صاحب والی مسجد میں ہوا سجدے کیحالت میں ہوا۔ مسعر بن کدام کہتے ہیں میں رات کو مسجد میں گیا دیکھا ایک شخص نماز پڑھ رہا ہے میں اُسکی قرأت سننے لگا اُس نے بڑی لمبی قرأت پڑھی جب ایک منزل پڑھ چکا میں نے کہا اب رکوع میں جائیگا لیکن وہ پڑھتے ہی رہے یہانتک کہ تہائی قرآن پڑھ لیا یہانتک کہ ایک ہی رکعت میں سارا

ابو حنيفة دالله لا تجدث عني بما لا افعل فكان يحيى الليل صلوٰة ودعاء
وتضرعا انا التنوخي والجوهري قال انا عبد العزيز بن جعفر بن محمد الخرقي نا هيثم
بن خلف الدوري حدثني محمد بن يزيد بن سليم مولى بني هاشم قال حدثني يحيى
بن فضيل قال كنت مع جماعة فاقبل ابو حنيفة فقال بعض القوم ما ترونه ما
ينام هذا الليل قال وسمع ابو حنيفة ذالك فقال ارانى عند الناس
خلاف ما انا عند الله لا توسدت فراشا حتى القى الله قال يحيى كان ابو حنيفة
يقوم الليل كله حتى توفي او قال مات اخبرني ابو علي عبد الرحمن بن محمد
بن احمد بن فضالة النيسابوري الحافظ بالري انا احمد بن محمد بن الحسين
المذكر نا علي بن احمد بن موسى الفارسي نا محمد بن الفضيل العابد نا ابو يحيى
الحماني حدثني سالم بن سالم عن ابي الجويرية قال صحبت حماد بن ابي سليمان
ومحارب بن دثار وعلقمة بن مرثد وعون بن عبد الله وصحبت ابا حنيفة
فما كان في القوم رجل احسن ليلا من ابي حنيفة لقد صحبته اشهرا فما
منها ليلة وضع فيه جنبه قال ونا ابو يحيى الحماني عن بعض اصحابه ان ابا
حنيفة كان يصلي الفجر بوضوء العشاء وكان اذا اراد ان يصلي من
الليل تزين حتى يسرح لحيته - انا محمد بن احمد بن رزق قال سمعت القاضي

قرآن ختم کیا اب جو میں نے دیکھا تو وہ امام ابو حنیفہ رح تھے خارجہ بن مصعب کہتے
ہیں چار اماموں نے کعبۃ اللہ میں قرآن شریف ختم کیا ہے حضرت عثمان بن عفانؓ
حضرت تمیم داریؓ حضرت سعید بن مسیبؒ حضرت ابو حنیفہؒ یحییٰ بن نصر کہتے
ہیں کبھی کبھی امام صاحب رمضان میں ساٹھ ساٹھ ختم کرتے تھے۔ زائدہ کہتے
ہیں میں نے امام صاحب کے ساتھ اُنکی مسجد میں عشا کی نماز پڑھی لوگ چلے گئے
مگر میں ایک مسئلہ خفیہ پوچھنے کیلئے وہیں ٹھہرا رہا امام صاحب کو اس کا علم نہ تھا
آپ کھڑے ہو گئے نماز شروع کردی اور اس آیت تک پہنچے فَمَنَّ اللّٰہُ
عَلَیْنَا وَوَقَانَا عَذَابَ السَّمُوْمِ - یعنی ہم پر اللہ تعالیٰ نے احسان کیا اور
ہمیں عذاب سموم سے نجات دی۔ آپ مکرر سہ کرر اسی آیت کا اعادہ کرتے رہے
یہاں تک کہ مؤذن نے صبح کی اذان کہی اور میری ساری رات آپ کی قراءت میں گزری

ابا نصر و انا الحسن بن ابی بکر انا القاضی ابو نصر احمد بن نصر بن محمد بن اشکاب
البخاری قال سمعت محمد بن خلف بن رجا یقول سمعت محمد بن سلمة عن ابن ابی معاذ عن
مسعر بن کدام قال اتیت اباحنیفة فی مسجد فرأیته یصلی الغداة ثم یجلس للناس
فی العلم الی ان یصلی الظهر ثم یجلس الی العصر فاذا صلی العصر جلس الی المغرب
فاذا صلی المغرب جلس الی ان یصلی العشاء فقلت فی نفسی هذا الرجل فی
هذا الشغل متی یتفرغ للعبادة لا تعاهدنه اللیلة قال فتعاهدته فلما
هدأ الناس خرج الی المسجد فانتصب للصلوٰة الی ان طلع الفجر و دخل منزله
ولبس ثیابه وخرج الی المسجد وصلی الغداة فجلس للناس الی الظهر ثم الی العصر
ثم الی المغرب ثم الی العشاء فقلت فی نفسی ان الرجل قد ینشط اللیلة
لتعاهدنه اللیلة فتعاهدته فلما هدأ الناس خرج فانتصب للصلوٰة ففعل
کفعله فی لیلة الاولی فلما اصبح خرج للصلوٰة وفعل کفعله فی یومیه حتی
اذا صلی العشاء فقلت فی نفسی ان الرجل لینشط اللیلة واللیلة لا
لتعاهدنه اللیلة ففعل کفعله فی لیلتیه فلما اصبح جلس کذالک فقلت
فی نفسی لالزمنه الی ان یموت او اموت قال فلازمته فی مسجده قال ابن ابی
معاذ فبلغنی ان مسعرا مات فی مسجد ابی حنیفة فی سجدہ آنا الخلال

انتظار میں ہی گذر گئی۔ رزین بن مکیت کہتے ہیں امام صاحب کے دل میں خدا کا ڈر بہت
تھا۔ ایک مرتبہ علی بن حسن مؤذن نے عشا کی نماز میں سورۃ اِذَا زُلْزِلَتْ پڑھی نماز
کے بعد سب لوگ تو چلے گئے لیکن امام صاحب وہیں بیٹھے رہے۔ بڑے گہرے
سوچ میں تھے اور بار بار ٹھنڈے سانس لے رہے تھے۔ میں نے خیال کیا ایسا
نہ ہو میری وجہ سے آپ کا خیال بٹے میں قندیل کو جلتی چھوڑ کر چل دیا اسمیں تیل بھی
تھوڑا سا ہی تھا اب میں صبح کے وقت آیا میں نے دیکھا قندیل ٹمٹما رہی ہے اور امام
صاحب کھڑے ہوئے ہیں اپنی ڈاڑھی پکڑے ہوئے ہیں اور زبان سے کہہ رہے
ہیں اے وہ ذات پاک جو ذرّے ذرّے برابر بھلائی بُرائی کا بدلہ دیگا تو نعمان کو
آگ کے عذاب سے نجات دے اور ہر اس برائی سے جو جہنم کے قریب کرنے
والی ہو اور اسے اپنی کشادہ رحمت میں داخل کرے مجھے دیکھکر فرمانے لگے

انا الحریری ان النخعی حدثهم قال احمد بن علی بن عفان نا علی بن حفص البزاز قال
سمعت حفص بن عبد الرحمن یقول سمعت مسعر بن کدام یقول دخلت
ذات لیلة المسجد فرأیت رجلا یصلی فاستحلیت قرأته فقرأ سبعا فقلت
یرکع ثم قرأ الثلاث ثم النصف فلم یزل یقرأ القرآن حتی ختم کله فی رکعة
فنظرت فاذا هو ابو حنیفة وقال النخعی نا ابراهیم بن رستم المروزی قال سمعت
خارجة بن مصعب یقول ختم القرآن فی الکعبة اربعة من الائمة عثمان بن
عفان وتمیم الداری وسعید بن جبیر وابو حنیفة وقال ابراهیم بن مخلد نا
احمد بن یحیی الباهلی نا یحیی بن نصر قال کان ابو حنیفة ربما ختم القرآن
فی شهر رمضان ستین ختمة انا ابو بشر الوکیل وابو الفتح الضبی قال نا عمر
بن احمد الواعظ نا مکرم بن احمد نا احمد بن محمد الحمانی نا احمد بن یونس قال
سمعت زائدة یقول صلیت مع ابی حنیفة فی مسجده عشاء الآخرة وخرج
الناس ولم یعلم انی فی المسجد واردت ان اسأله عن مسئلة من حیث لا یرانی
احد قال فقام فقرأ وقد افتتح الصلوة حتی بلغ الی هذه الآیة فمن الله
علینا ووقانا عذاب السموم فاقمت فی المسجد انتظر فراغه فلم یزل یرددها
حتی اذن المؤذن لصلوٰة الفجر وقال احمد بن محمد سمعت ابا نعیم ضرار بن

کیا قندیل بجھانی چاہتے ہو میں نے کہا حضرت! میں تو صبح کی اذان بھی دی جا چکی فرمایا
اچھا جو تم نے دیکھا ہے اسے کسی پر ظاہر نہ کرنا اب دو رکعت سنت ادا کی پھر بیٹھے
تکبیر کہی امام صاحب نے بھی ہمارے ساتھ عشا کے وضو سے صبح کی نماز ادا کی۔
(اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ عَلَيْهِ) قاسم بن معین کہتے ہیں ایک رات امام صاحب نے یہی ایک
آیت میں گذاری بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَأَمَرُّ یعنی
قیامت وعدے کا وقت ہے اور وہ بہت دہشت ناک اور کڑواہٹ والا
دن ہے بار بار اسے پڑھتے رہے اور روتے رہے اور گریہ وزاری میں لگے
رہے۔ عبد اللہ بن مبارک کہتے ہیں میں کوفے میں آیا اور دریافت کیا کہ کوفہ
والوں میں سب سے زیادہ پرہیزگار کون ہے؟ لوگوں نے کہا ابو حنیفہ! مکی بن
ابراہیم کہتے ہیں میں کوفیوں کی صحبت میں بیٹھا ہوں میں نے امام صاحب

صرد يقول سمعت زين بن الكميت وكان من اخيار الناس يقول كان ابوحنيفة شديد الخوف من الله فقرأ بنا علي بن الحسن المؤذن ليلة في عشاء الآخرة اذا زلزلت وابوحنيفة خلفه فلما قضى الصلوٰة وخرج الناس نظرت الى ابي حنيفة وهو جالس يفكر ويتنفس فقلت اقوم لا يشتغل قلبه لي فلما خرجت تركت القنديل ولم يكن فيه الا زيت قليل فجئت وقد طلع الفجر وهو قائم قد اخذ بلحية لنفسه وهو يقول يا من تجزي بمثقال ذرة خير خيرا ويا من تجزي بمثقال ذرة شر شرا اجر النعمان عبدك من النار وما يقرب منها من السوء وادخله في سعة رحمتك قال فاتيت فاذا القنديل زهر وهو قائم فلما دخلت قال لى اتريد ان تأخذ القنديل قلت قد اذنت صلوٰة الغداة قال اكتم علي ما رأيت وركع ركعتي الفجر وجلس حتى اقمت الصلوٰة وصلى معنا الغداة على وضوء الليل انا الخلال انا الحريري انا النخعي حدثهم قال نا بختري بن محمد نا محمد بن سماعة عن محمد بن الحسن قال حدثني القاسم بن معين ان اباحنيفة قام ليلة بهٰذه الآية بل الساعة موعدهم والساعة ادهى وامر يرددها ويبكي ويتضرع وقال النخعي نا سليمان بن الربيع

زیادہ کسی کو زہد وورع والا نہیں پایا۔ حفص بن عبدالرحمٰن امام صاحب کے شریک تھے اور مال لیکر وہ جایا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ اُنہیں ایک چھوٹے سے قافلے کے ساتھ مال دیکر بھیجا اور بتلا دیا کہ فلاں کپڑے میں یہ عیب ہے جب فروخت کرو تو اس عیب کو بتا دینا حفص سب مال بیچکر واپس آئے اُس کپڑے کو بھی بیچ دیا لیکن اس کا عیب ظاہر کرنا بھول گئے۔ اور یہ بھی یاد نہ رہا کہ اُسے کس کے ہاتھ فروخت کیا ہے۔ جب امام صاحب کو یہ بات معلوم ہوئی تو آپنے تمام اسباب کی قیمت کو صدقے کر دیا۔ وکیع کہتے ہیں امام صاحب نے اپنے ذمّے لازم کر لیا تھا کہ جب کبھی اثناءِ کلام میں قسم کھا بیٹھیں گے تو ایک درہم صدقہ کریں گے ایک مرتبہ قسم کھا بیٹھے ایک درہم صدقہ کیا پھر کہا اب اگر قسم کھاؤں گا تو ایک دینار صدقہ دوں گا پھر جب کبھی اثناءِ کلام میں سچی قسم

نلجان بن موسیٰ قال سمعت عبداللہ بن المبارک یقول قدمت الکوفة فسألت عن اورع اھلھا فقال ابوحنیفة وقال سلیمان سمعت مکی بن ابراھیم یقول جالست الکوفیین فما رأیت فیھم اورع من ابی حنیفة وقال النخعی نا الحسین بن الحکم الحبری نا علی بن حفص البزاز قال کان حفص بن عبدالرحمن شریک ابی حنیفة وکان ابوحنیفة یجھز علیه فبعث الیه فی رفقة بمتاع واعلمه ان فی ثوب کذا وکذا عیبا فاذا بعته فبین فباع حفص المتاع ونسی ان یبین ولم یعلم من باعه فلما علم ابوحنیفة تصدق بثمن المتاع کله آخبرنی ابوبشر الوکیل وابو الفتح الضبی قال نا عمر بن احمد نا مکرم بن احمد نا احمد بن المفلس الحمانی قال نا ملیح بن وکیع نا ابی قال کان ابوحنیفة قد جعل علی نفسه ان لا یحلف بالله فی عرض کلامه الا تصدق بدرھم فحلف فتصدق به ثم جعل علی نفسه ان حلف ان یتصدق بدینار فکان اذا حلف صادقا فی عرض الکلام تصدق بدینار وکان اذا انفق علی عیاله نفقة تصدق بمثلھا وکان اذا اکتسی ثوبا جدیدا کسی بقدر ثمنه المشیخ العلماء وکان اذا وضع بین یدیه الطعام اخذ منه فوضعه علی الخبز حتی یاخذ منه بقدر ضعف ما کان یاکل فیضعه علی الخبز ثم یعطیه لانسان فقیر فان کان فی الدار من عیاله انسان یحتاج الیه دفعه الیه والا اعطاه مسکینا آنا التنوخی حدثنی ابی نا محمد بن حمدان نا

بھی کھاتے تو ایک دینار صدقہ کرتے گھر میں جتنا بال بچوں پر خرچ ہوتا اتنا ہی اللہ کے نام پر دیتے جب کبھی کوئی نیا کپڑا پہنتے تو اتنی ہی قیمت کا بزرگ علما کو پہناتے۔ جب کھانا کھاتے بیٹھتے تو اپنے کھانے سے زیادہ روٹی پر رکھتے جاتے پھر کسی مسکین کو دیدیتے تھے۔ اگر گھر میں کوئی مسکین اپنوں میں نظر آتا تو اسی ورنہ کسی اور مسکین کو۔ فرماتے ہیں امام صاحب بڑے امانت دار تھے اللہ تعالیٰ کے جلال اسکی کبریائی اور اسکی عظمت نے اُن کے دل کو گھیر لیا تھا اپنے رب کی رضامندی کو تمام چیزوں پر مقدم رکھنے والے تھے اگر کسی شرعی امر میں اُنہیں تلواروں سے گھیر بھی لیا جائے تو اُسکی برداشت کر لیتے اللہ تعالیٰ اُنپر رحمت کرے اور اُنسے خوش ہو جیسا وہ نکوکار لوگوں سے خوش ہوتا ہے یقیناً وہ بھی نکوکار تھے۔ ابراہیم بن عبداللہ خلال سے لوگوں نے کہا کہ

احمد بن الصلت الحمانی قال سمعت ملیح بن وکیع یقول سمعت ابی یقول کان واللہ ابوحنیفة عظیم الامانة وکان اللہ فی قلبه جلیلا کبیرا عظیما وکان یؤثر رضا ربه علی کل شئ ولو اخذته السیوف فی اللہ لاحتمل رحمة اللہ ورضی عنه رضا الابرار فلقد کان منهم انا الحسن بن ابی بکر انا محمد بن احمد بن الحسن الصواف نا محمود بن محمد المروزی قال سمعت ابراهیم بن عبد اللہ الخلال ذکر انه عن حامد بن آدم انه قال سمعت عبد اللہ بن المبارک یقول ما رأیت احدا اورع من ابی حنیفة فقال من رأیی ان اخرج الی حامد فی هذا الحرف الواحد اسمع منه انا الحسن انا ابن الصواف نا محمود بن محمد المروزی قال سمعت حامد بن آدم یقول سمعت عبد اللہ بن المبارک یقول ما رأیت احدا اورع من ابی حنیفة وقد جرب بالسیاط والاموال انا علی بن ابی البصری نا ابوبکر محمد بن عبد الرحیم المازنی نا الحسین بن القاسم الکوکبی حدثنی ابو الحسن الدیباجی نا زید بن اخرم قال سمعت عبد اللہ بن صهیب الکلبی یقول کان ابوحنیفة النعمان بن ثابت یتمثل کثیرا

ع عطاء ذی العرش اوسع من عطاکم ۞ وسیبه واسع شرط وینتظر ۞
انتم یکدر ما تعطون منکم ۞ واللہ یعطی بلا من ولا کدر ۞

انا الخلال انا الحریری ان النخعی حدثهم قال نا سعید القصار قال سمعت محمد بن عبد الرحمن

حامد بن آدم کہتے ہیں میں نے عبد اللہ بن مبارک سے سُنا وہ کہتے تھے میں نے امام صاحب سے بڑھکر کسی کو زاہد نہیں دیکھا تو فرمانے لگے میرا جی چاہتا ہے اسی ایک بات کو خود حامد سے سننے کے لیئے چلا جاؤں ابن المبارک کا قول ہے کہ ابو حنیفہ سے زہد و ورع میں کوئی شخص آگے نہیں تھا مال اور مار سے دونوں سے آپکا امتحان ہو چکا۔ امام صاحب دو شعر پڑھا کرتے تھے۔ جنکا ترجمہ یہ ہے گویا عرش والے کی عطا تمہارے عطیات سے بہت وسیع ہے تم اپنے دیئے کا احسان جتا کر اُسے مکدر کر دیتے ہو اور اللہ تعالی اپنے احسان جتائے اور بغیر مکدر کئے عنایت فرماتا ہے۔ عبد الرحمن مسعود کہتے ہیں میں نے امانت داری میں امام صاحب سے زیادہ اچھا آدمی نہیں دیکھا جسدن اُن کا انتقال ہوتا ہے اُنکے پاس پچاس ہزار کی امانتیں تھیں جنمیں سے ایک درہم بھی ادھر اُدھر نہیں ہوا تھا۔ ابو جعفر

المسعودی عن ابیه قال ما رأیت احسن امانة من ابی حنیفة مات یوم مات وعنده ودائع بخمسین الفا ما ضاع منها ولا درهم واحد وقال النخعی نا ابراهیم بن مخلد نا بکر العمی عن هلال بن یحیی عن یوسف السمتی ان ابا جعفر اجاز ابا حنیفة بثلاثین الف درهم فی دفعات فقال یا امیر المؤمنین انی ببغداد غریب ولیس لها عندی موضع فاجعلها فی بیت المال فاجابه المنصور الی ذالک قال فلما مات ابو حنیفة اخرجت ودائع الناس من بیته فقال المنصور خدعنا ابو حنیفة وقال النخعی نا سوادة بن علی نا خارجة بن مصعب بن خارجة قال سمعت مغیث بن بدیل یقول قال خارجة بن مصعب اجاز المنصور ابا حنیفة بعشرة آلاف درهم فدعی لیقبضها فشاورنی وقال هذا رجل ان رددتها علیه غضب وان قبلتها دخل علی فی دینی ما اکرهه فقلت ان هذا المال عظیم فی عینه فاذا دعیت لتقبضها فقل لم یکن هذا املی من امیر المؤمنین فدعی لیقبضها فقال ذالک فرفع الیه خبره فحبس الجائزة قال فکان ابو حنیفة لا یکاد یشاور فی امره غیری

ما ذکر من جود ابی حنیفة وسماحه وحسن عهده

اخبرنی ابو بشر الوکیل نا ابو الفتح الضبی قال نا عمر بن احمد الواعظ نا مکرم

خلیفہ نے امام صاحب کو مختلف اوقات میں تیس ہزار درہم کا انعام دیا امام صاحب نے کہا امیر المومنین! میں بغداد میں ایک غریب آدمی ہوں میرے پاس اسے رکھنے کی جگہ نہیں آپ انہیں بیت المال میں رکھ لیجئے خلیفہ نے ایسا ہی کیا جب امام صاحب کے انتقال کے بعد اُن کے ہاں سے لوگوں کی اسقدر امانتیں برآمد ہوئیں تو خلیفہ نے کہا ہمیں ابو حنیفہ نے دھوکہ دیا۔ ایک مرتبہ منصور نے دس ہزار کا انعام دینے کیلئے امام صاحب کو بلایا آپ نے خارجہ بن مصعب سے مشورہ لیا کہ میں اسے لوں یا نہ لوں اگر نہیں لیتا ہوں تو بادشاہ غضبناک ہوگا۔ اور اگر لیتا ہوں تو میرے دین میں وہ چیز داخل کریگا جسے میں ناپسند رکھوں خارجہ نے کہا یہ مال اسکے نزدیک بڑی چیز ہی جب وہ آپکو اسے لینے کے لیئے بلائے تو آپ جاکر کہدینا کہ میرے نزدیک یہ مال امیر المومنین سے

بن احمد نا احمد بن محمد الحمانی نا عاصم بن علی قال سمعت قیس بن الربیع یقول
کان ابوحنیفة رجلا ورعا فقیها محسودا وکان کثیر الصلة والبر لکل
من جاء الیه کثیر الافضال علی اخوانه قال وسمعت قیسا یقول کان النعمان بن
ثابت من عقلاء الرجال، قال مکرم نا احمد بن عطیة نا الحسن بن الربیع قال
کان قیس بن الربیع یحدثنی عن ابی حنیفة انه کان یبعث بالبضائع الی
بغداد فیشتری بها الامتعة ویحملها الی الکوفة ویجمع الارباح عنده من سنة
الی سنة فیشتری بها حوائج الاشیاخ المحدثین واقواتهم وکسوتهم وجمیع
حوائجهم ثم یدفع باقی الدنانیر من الارباح الیهم فیقول انفقوا فی حوائجکم
ولا تحمدوا الا الله فانی ما اعطیتکم من مالی شیئا ولکن من فضل الله علی فیکم
وهذه ارباح بضائعکم فانه هو والله مما یجریه الله لکم علی یدی فما رزق
الله حول لغیره آنا الحسین بن علی الحنفی نا علی بن الحسن الرازی نا محمد بن
الحسین الزعفرانی نا احمد بن زهیر نا سلیمان بن ابی شیخ حدثنی
حجر بن عبد الجبار قال ما رای الناس اکرم مجالسة من ابی حنیفة ولا اکراما
لاصحابه قال حجر کان یقول ان ذوی الشرف اتم عقولا من غیرهم آنا
الصیمری قال قرأنا علی الحسین بن هرون عن ابی العباس بن سعید

زیادہ میٹھا نہیں امام صاحب نے جاکر یہی کہدیا امیر کو بھی یہ خبر ہو گئی اسد بن عمرو
امام صاحب خارجہ کے سوا کسی سے مشورہ نہیں لیتے تھے۔

امام صاحب کی سخاوت اخلاق اور حسنِ عہد کا بیان

قیس بن ربیع کہتے ہیں کہ امام صاحب پرہیزگار فقیہ شخص تھے لوگ اُنکا حسد کرتے
تھے ملنے جلنے والوں کے ساتھ سلوک اور احسان کیا کرتے تھے بھائیوں پر فضل وکرم
کرتے تھے یہی قیس کہتے ہیں آپ بڑے عقلمند لوگوں میں سے تھے۔ لیبا اوقات
مال تجارت بغداد کی طرف بھیجتے اور وہاں سے کوفے کو مال لاتے اور سال
بھر میں جو نفع ہوتا اُس سے محدثین کے لیے کھانے پینے اوڑھنے اور برتنے کی چیزیں
خریدتے اور اُنہیں دیدیتے بلکہ باقی نفع کی رقم بھی محدثین کو دیدیتے اور فرماتے

قال نا احمد بن محمد بن يحيى الحازمي نا حسين بن سعيد النخعي قال سمعت جعفر
بن حمزة القرشي يقول كان ابوحنيفة ربما مر به الرجل فيجلس اليه بغير قصد
ولا مجالسة فاذا قام سأل عنه فان كانت به فاقة وصله وان مرض
عاده حتى يجره الى مواصلته وكان اكرم الناس مجالسة انا الخلال انا الحريري
ان النخعي حدثهم قال نا احمد بن عماد بن ابی مالك الجنبي عن ابيه عن الحسن
بن زياد قال رأى ابوحنيفة على بعض جلسائه ثيابا رثة فامر فجلس
حتى تفرق الناس وبقي وحده فقال له ارفع المصلى وخذ ما تحته فرفع الرجل
المصلى فكان تحته الف درهم فقال له خذ هذه الدراهم فغير بها من
حالك فقال الرجل اني موسر وانا في نعمة ولست احتاج اليها فقال له
اما بلغك الحديث ان الله يحب ان يرى اثر نعمته على عبده فينبغي لك
ان تغير حالك حتى لا يغتم بك صديقك وقال النخعي نا محمد
بن علي بن عفان نا اسماعيل بن يوسف التستري قال سمعت ابا يوسف
يقول كان ابوحنيفة لا يكاد يسئل حاجة الا قضاها فجاءه رجل فقال
له ان لفلان علي خمسمائة درهم وانا مضيق فسله يصبر عني ويؤخرني
بها فكلم ابوحنيفة صاحب المال فقال صاحب المال هي له قد ابرأته

اسے اپنے کام میں لاؤ اور صرف خداوند جل و علا کا احسان مانو اسی کا شکریہ ادا کرو در اصل
میں نے تمہیں اپنے مال سے نہیں دیا بلکہ تمہیں دینے کے لیے خدا نے مجھے یہ دیا تھا یہ تمہارے
مال کا نفع ہے جسے خدا میرے ہاتھوں تمہیں پہنچا رہا ہے حجر بن عبد الجبار کہتے
ہیں لوگوں نے امام صاحب سے زیادہ اچھی مجلس والا اور امام صاحب سے زیادہ
آنے جانے والوں کی خاطر تواضع کرنے والا کسی کو نہیں دیکھا اور یہ مشہور
ہے کہ شریف لوگ عقلمند بھی ہوتے ہیں۔ حفص بن حمزہ قریشی کہتے ہیں کبھی
ایسا بھی ہوتا تھا کہ ایک شخص امام صاحب کی مجلس میں بلا قصد آ گیا جب وہ
اُٹھنے لگا تو آپ نے اُس سے حال دریافت کیا۔ اب جو حاجت ہوئی پوری
کر دی بھوکا ہے تو کھانا دیا۔ بیمار ہے تو عیادت کی اس حسن اخلاق کی وجہ سے
وہ ہمیشہ کا گرویدہ ہو جایا کرتا تھا ایک مرتبہ دیکھتے ہیں کہ مجلس میں ایک شخص

منها فقال الذی علیه الخز لاحاجة لی فیها فقال ابوحنیفة لیس الحاجة لك وانما الحاجة لی تضیت وقال النخعی نا عبدالله بن احمد البهلول الکوفی نا القاسم بن محمد البجلی عن اسماعیل بن حماد بن ابی حنیفة ان ابا حنیفة حین حذق حماد ابنه ذهب للمعلم خمسمائة درهم وقال النخعی نا محمد بن اسحاق البکائی قال سمعت جعفر بن عون العمری یقول اتت امرأة ابا حنیفة تطلب عنه ثوب خز فاخرج لها ثوبا فقالت له انی امرأة ضعیفة وانها امانة فبعنی هذا الثوب بما یقوم علیك فقال خذیه باربعة دراهم فقالت لا تسخر بی وانا عجوز کبیرة فقال انی اشتریت ثوبین فبعت احدهما برأس المال الا درهم فبقی هذا یقوم علی باربعة دراهم اجاز لی محمد بن اسد الکاتب ان جعفر الخلدی حدثهم ثم اخبرنی الازهری قرأة نا الحسن بن عثمان نا جعفر الخلدی نا احمد بن محمد الطوسی حدثنی ابوسعید الکندی عبدالله بن سعید نا شیخ سماه ابوسعید الکندی قال کان ابو حنیفة یبیع الخز فجاءه رجل فقال یا ابا حنیفة قد احتجت الی ثوب خز فقال ما لونه قال کذا وکذا فقال له اصبر حتی یقع واخذه لك ان شاء الله قال فما دارت الجمعة حتی وقع فمر به الرجل فقال له ابوحنیفة

میلے کچیلے کپڑے پہنے بیٹھا ہے جب مجلس اُٹھنے لگی آپ نے اُسے فرمایا تم ذرا ٹھیر جانا پھر جب لوگ چلے گئے اور وہ اکیلا رہ گیا تو کہا کہ جاؤ مصلیٰ اُٹھاؤ اور نیچے سے جو کچھ نکلے لیجاؤ اُس نے مصلیٰ اُٹھایا اور دہزار درہم لیکر آیا آپ نے فرمایا انہیں لے جاؤ اور اپنی حالت کی اصلاح کرو اُس نے کہا حضرت میں تو مالدار ہوں محتاج نہیں ہوں تو فرمانے لگے پھر کیا تجھے وہ حدیث نہیں پہنچی کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندے پر اپنی نعمت کے نشان دیکھنا پسند فرماتا ہے تجھے چاہیئے کہ اپنی حالت سنوارے تاکہ تیرے دوست تیری وجہ سے غمگین نہوں۔ ابو یوسف فرماتے ہیں کہ امام صاحب ہر ایک کا سوال عموماً پورا کردیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک شخص کہنے لگا کہ فلاں شخص کے میرے ذمہ پانچسو درہم قرض ہیں مدت پوری ہوچکی ہے میں تنگدست ہوں ادا کرنے کی طاقت نہیں آپ سفارش کیجیے کہ وہ اور مہلت دے

قد دفعت فی حاجتك قال فاخرج الیه الثوب فاعجبه فقال یا ابا حنیفة کم اذن للغلام قال درهما قال یا ابا حنیفة ما کنت اظنك تهزأ قال ما هزأت انی اشتریت ثوبین بعشرین دینارا ودرهم وانی بعت احدهما بعشرین دینارا وبقی هذا بدرهم ما کنت لاربح علی صدیق ثنا الحسین بن علی الحنفی نا علی بن الحسن الرازی نا محمد بن الحسین الزعفرانی نا احمد بن زهیر اخبرنی سلیمان بن ابی شیخ قال مساور الوراق ؎ کنا من الدین قبل الیوم فی سعة ✤ حتی ابتلینا باصحاب المقاییس ✤ قاموا من السوق اذا قلت مکاسبهم ✤ فاستعملوا الرأی عند الفقر والبوس ✤ اما الغریب فامسوا لاعطاء لهم ✤ وفی الموالی علامات المفالیس ✤ فلقیه ابو حنیفة فقال هجوتنا نحن نرضیك فبعث الیه بدهم فقال ؎ اذا ما اهل مصر بادهونا ✤ بداهیة من الفتیا لطیفة ✤ اتیناهم بمقیاس صحیح ✤ صلیب من طراز ابی حنیفة ✤ اذا سمع الفقیه به حواه ✤ واثبته بحبر فی صحیفه ✤ اخبرنی علی بن احمد الرزاز نا ابو اللیث نصر بن محمد الزاهد البخاری قدم علینا نا محمد بن محمد بن سهل النیسابوری نا ابو احمد محمد بن احمد الشعیبی نا اسد بن نوح نا محمد بن عتاب قال نا القاسم بن غسان اخبرنی ابی قال اخبرنی عبد اللہ بن رجاء الصدانی قال کان لابی حنیفة

امام صاحب سفارش کرتے ہیں وہ کہتا ہے حضرت میں نے ساری رقم انہیں معاف کردی تو پہلا شخص کہنے لگا نہیں مجھے اس سے معاف نہیں کرانی میں دیدوں گا مجھے معافی کی حاجت نہیں آپ فرمانے لگے نہیں نہیں ہمیں تو حاجت ہے جب آپکے صاحبزادے حضرت حماد سمجھدار ہو جاتے ہیں تو استاد کے پاس انہیں لیکر امام صاحب جاتے ہیں پانچسو درہم استاد کو پیش کرتے ہیں، ایک عورت آتی ہے اور ایک ریشمی کپڑا ان سے مانگتی ہے آپ ایک عمدہ کپڑا نکالتے ہیں وہ کہتی ہے میں ایک بڑھیا عورت ہوں اور یہ امانت ہے جس بھاؤ آپ کو پڑا ہو اسی بھاؤ دیدیجئے آپنے فرمایا اچھا تو تم چار درہم دیدو وہ کہنے لگی حضرت بڑھیا عورتوں سے یہ ہنسی مذاق ٹھیک نہیں آپنے فرمایا سنو! میں نے دو کپڑے خریدے تھے ایک کو اسی قیمت میں بیچ ڈالا جتنے میں دونوں لئے تھے مگر چار درہم کم رہ گئے تو یہ مجھے چار درہم میں پڑا ہے چار ہی تم سے

جار بالكوفة اسكافي يعمل نهاره اجمع حتى اذا جن الليل رجع الى منزله وقد حمل لحما فطبخه او سمكة فيشويها ثم لا يزال يشرب حتى اذا داب الشراب فيه غزل بصوت وهو يقول ؎ اضاعوني واى فتى اضاعوا ؛ ليوم كريهة وسداد ثغر ؛ فلا يزال يشرب ويردد هذا البيت حتى يأخذه النوم فكان ابوحنيفة يسمع جلبته وابوحنيفة كان يصلى الليل كله ففقد ابوحنيفة صوته فسأل عنه فقيل اخذه العسعس منذ ليال وهو محبوس فصلى ابوحنيفة صلوٰة الفجر من غد وركب بغلة واستأذن على الامير قال الامير ائذنوا له واقبلوا به راكبا ولا تدعوه ينزل حتى يطأ البساط ففعل فلم يزل الامير يوسع له من مجلسه وقال ما حاجتك قال لى جار اسكاف اخذه العسعس منذ ليال يأمر الامير بتخليته فقال نعم وكل من اخذ فى تلك الليلة الى يومنا هذا فامر بتخليتهم اجمعين فركب ابوحنيفة والاسكاف يمشى ورائه فلما نزل ابوحنيفة مضى اليه فقال يا فتى اضعناك فقال لا بل حفظت ورعيت جزاك الله خيرا عن حرمة الجوار ورعاية الحق وتاب الرجل ولم يعد الى ما كان۔

ما ذكر من وفور عقل ابى حنيفة وفطنته وتلطفه

اخبرنى ابو بشر الوكيل و ابو الفتح الضبى قال نا عمر بن احمد الواعظ نا مكرم بن

ے لیتا ہوں۔ ایک مرتبہ ایک شخص آپ سے کہتا ہے کہ حضرت مجھے فلاں رنگ کا ریشمی کپڑا چاہیئے کہا اچھی بات ہے خیال رکھوں گا کوئی ہفتہ بھر کے بعد آپنے اسکی فرمائش پوری کردی اور اُسے کپڑا دیا وہ کپڑا دیکھ کر بہت خوش ہوا۔ اور کہا کیا قیمت ہے فرمایا ایک درہم وہ کہنے لگا آج معلوم ہوا کہ آپ بھی مذاق کیا کرتے ہیں آپ نے فرمایا نہیں مذاق نہیں ہے بات یہ ہے کہ میں نے دو کپڑے بیس دینار اور ایک درہم میں لیئے تھے جنمیں سے ایک بیس دینار میں بک گیا تو اب یہ ایک صرف ایک درہم میں ہی رہا اور دوست سے میں نفع نہیں لیتا۔ مساور وراق نے کچھ اشعار کہے جن کا ترجمہ یہ ہے۔

اس سے پہلے کہ یہ قیاس کرنے والا گروہ پیدا ہو ہم دین میں کشادگی پاتے تھے۔

جب اس قیاسی جماعت کا دھندا روزگار بازاروں میں مندا پڑ گیا تو اُنہوں نے رائے قیاس دین میں نکال کر پیٹ پالنا شروع کیا۔ اب لائق لوگوں کو کوئی نہیں

احمد نا احمد بن عطية قال نا يحيى الحمانى قال سمعت بن المبارك يقول قلت لسفيان
الثورى يا ابا عبد الله ما ابعد ابا حنيفة من الغيبة ما سمعت يغتاب عدو اله
قط قال هو والله اعقل من ان يسلط على حسناته ما يذهب بها اخبرنى ابو
الوليد الحسن بن محمد الدوينى انا محمد بن احمد بن محمد بن سليمان الحافظ ببخارى
انا حفص احمد بن احمد بن حمدان نا على بن موسى القمى قال سمعت محمد بن شجاع
يقول سمعت على بن عاصم يقول لو وزن عقل ابى حنيفة بعقل نصف اهل
الارض لرجح بهم اخبرنى محمد بن احمد بن يعقوب انا محمد بن نعيم الضبى
قال سمعت ابا العباس احمد بن هرون يقول حدثنى محمد بن ابراهيم السرخسى قال
نا سليمان بن الربيع الهذلى الكوفى قال سمعت همام بن مسلم يقول سمعت
خارجة بن مصعب وذكر ابو حنيفة عنده فقال لقيت الفا من العلماء
فوجدت العاقل فيهم ثلاثة او اربعة فذكر ابا حنيفة فى الثلاثة او
الاربعة قال خارجة بن مصعب من لا يرى المسح على الخفين او يقع
فى ابى حنيفة فهو ناقص العقل اخبرنا الخلال انا الحريرى ان النخعى حدثهم
قال نا محمد بن على بن عفان نا محمد بن عبد الملك الدقيقى قال سمعت يزيد
بن هرون يقول ادركت الناس فما رأيت احدا اعقل ولا اورع من ابى حنيفة

پوچھا بلکہ بھلے لوگ مفلسی کے ہاتھوں تنگ آ گئے۔ امام صاحب نے یہ سُنکر اُس سے ملاقات کی
اور کہا تو نے کیوں ہماری ہجو کی ہے ہم تجھے خوش کر دیتے ہیں یہ کہکر ایک درہم اُسے دیا۔
تو اُسے اُس نے تعریف میں اشعار کہے جنکا ترجمہ یہ ہے۔ جبکہ شہر والوں نے ہمیں عمدہ
فتوے دینے چھوڑ دیئے۔ ہم نے بھی اُنکے پاس امام صاحب کے صحیح قیاسات پیش کرنے شروع
کر دیئے۔ ایسے قیاسات کہ جو فقیہ اُنہیں سنتا ہے خوش ہو کر اپنی بیاض میں لکھ لیتا ہے
امام صاحب کا ایک پڑوسی تھا کوفے میں وہ دن بھر تو اپنے کام کاج میں لگا رہتا تھا رات کو
جب گھر آتا تو گوشت یا مچھلی لیتا آتا اور بھون کر کھاتا اور شراب پیتا اور نشہ میں
بدمست ہو کر یہ شعر پڑھتا۔ اُنہوں نے مجھے ضائع کر دیا اور کیسے جوان کو ضائع کیا جو
مصیبتوں کے دن کام آنیوالا اور برائے پھٹے میں پاؤں ڈالنے والا تھا رات کا اکثر حصہ
اُس کا اسی خبیث شغل میں ضائع ہوتا یہاں تک کہ نیند آ جائے۔ امام صاحب

وقال النخعی نا ابو قلابة قال سمعت محمد بن عبد الله الانصاری قال کان ابو حنیفة یتبین
عقله فی منطقه ومشیته ومدخله ومخرجه انا علی بن القاسم الشاهد بالبصرة نا علی بن اسحاق
المادرائی نا احمد بن محمد الباهلی نا محمد بن عبد الرحمن قال کان رجل بالکوفة یقول عثمان بن عفان کان یهودیا فاتاه
ابو حنیفة فقال انتیتک خاطبا قال لمن قال لابنتک رجل شریف غنی من المال حافظ لکتاب الله
سخی یقوم اللیل فی رکعة کثیر البکاء من خوف الله قال فی دون هذا مقنع یا ابا حنیفة قال الا ان فیه خصلة
قال وما هی قال یهودی قال سبحان الله تأمرنی ان ازوج ابنتی یهودیا قال لا تفعل
قال لا قال فالنبی صلی الله علیه وسلم زوج ابنته من یهودی قال استغفر الله
انی تائب الی الله عز وجل انا ابو نعیم الحافظ نا ابو محمد عبد الله بن محمد بن جعفر بن
حیان نا ابو یحیی الرازی نا سهل بن عثمان قال نا اسماعیل بن حماد بن ابی حنیفة
قال کان لنا جار طحان رافضی وکان له بغلان سمی احدهما ابا بکر والآخر عمر
فرمحه ذات لیلة احدهما فقتله فاخبر ابو حنیفة فقال انظروا البغل الذی
رمحه الذی سماه عمر فنظروا فکان کذالک انا الحسین بن علی المعدل انا
ابو القاسم عبد الله بن محمد الحلوانی نا مکرم بن احمد نا احمد بن عطیة نا الحمانی
ابن المبارک قال رأیت ابا حنیفة فی طریق مکة وشوی له فصیل سمین
فاشتهوا ان یأکلوه بخل فلم یجدوا شیئا یصبون فیه الخل فتحیروا

چونکہ راتوں کو عبادت میں جاگتے رہتے تھے یہ آواز برابر اُن کے کانوں تک پہنچا کرتی
تھی۔ ایک رات اُس پڑوسی کی آواز نہ آئی آپ نے پوچھا کہ آج اُسے کیا ہوا لوگوں نے کہا
اسے کوتوال پکڑ لے گیا اور کئی دن سے وہ قید خانہ میں ہے امام صاحب صبح کی نماز
پڑھتے ہی اپنے خچر پر سوار ہو کر پہنچے امیر صاحب سے اجازت چاہی امیر نے فرمایا
اجازت دو اور سواری پر سے نہ اُتریں دو یہاں تک فرش پر آجائیں اسی طرح
امام صاحب داخل ہو گئے امیر نے خود ہٹ کر امام صاحب کو جگہ دی اور کہا آج
کیسے تکلیف کی؟ آپ نے کہا میرے ایک پڑوسی کو کوتوال صاحب نے کئی روز سے
قید کر رکھا ہے آپ حکم دیں کہ اُسے چھوڑ دیں امیر نے کہا بہت خوشی سے نہ صرف
اسی کو بلکہ اُس رات سے لیکر آج تک جتنے بھی قید ہوئے ہیں سب آزاد ہیں
امام صاحب نے خود جا کر اُسے قید خانہ سے چھڑا یا۔ اب امام صاحب

فرأيت اباحنيفة وقد حفر في الرمل حفرة وبسط عليها السفرة وسكب
الخل على ذالك الموضع فاكلوا الشواء بالخل فقالوا لم يحسن كل شئ قال
عليكم بالشك فان هذا شئ الحمته لكم فضلا من الله عليكم انا الحسين
بن محمد الخلال انا على بن عمر الحريري انا على بن محمد بن كاس النخعي حدثهم
قال نا محمد بن على بن عفان نا نمير بن حداد عن ابي يوسف قال دعا المنصور
اباحنيفة فقال الربيع حاجب المنصور وكان يعادي اباحنيفة فقال
يا امير المؤمنين هذا ابوحنيفة يخالف جدك كان عبدالله بن عباس
يقول اذا حلف على اليمين ثم استثنى بعد ذلك بيوم او بيومين جاز
الاستثناء وقال ابوحنيفة لا يجوز الاستثناء الا متصلا باليمين فقال ابوحنيفة
يا امير المؤمنين ان الربيع يزعم انه ليس لك في رقاب جندك بيعة
قال وكيف قال يحلفون لك ثم يرجعون الى منازلهم فيستثنون
فتبطل ايمانهم قال فضحك المنصور وقال يا ربيع لا تعرض لابي حنيفة فلما خرج ابوحنيفة
قال له الربيع اردت ان تشيط بدمي قال لا ولكنك اردت ان تشيط
بدمي فخلصتك وخلصت نفسي انا ابونعيم الحافظ نا ابوبكر احمد بن
محمد بن موسى نا خالد بن النضر قال سمعت عبدالواحد بن غياث يقول

سواری پر آگے ہیں اور وہ پیچھے پیچھے جب امام صاحب اُترنے لگے تو
فرمایا کہ ای شخص افسوس ہم نے تیری کوئی خبر نہ لی اُس نے کہا نہیں نہیں
بلکہ آپنے خوب حفاظت اور رعایت کی اللہ تعالیٰ آپکو بہتر بدلہ دے آپ نے
پڑوس کا حق خوب ادا کیا چنانچہ اُسوقت سے وہ تائب ہوگیا اور پھر کبھی
شراب نہیں پی۔

امام صاحب کی عقلمندی زیرکی اور دانائی کا بیان

حضرت ابن المبارک نے حضرت سفیان ثوری سے کہا کہ اے ابوعبداللہ دیکھو
تو امام صاحب غیبت سے کسقدر بچتے ہیں کبھی اپنے دشمن کی بھی غیبت
نہیں کی حضرت سفیان نے جواب دیا کہ وہ عاقل آدمی ہیں کیوں ایسا کام کریں
جس سے اُنکی نیکیاں اُسے ملجائیں جسکی وہ غیبت کرتے ہیں علی بن عاصم

كان ابو العباس الطوسي سيء الرأي في ابي حنيفة وكان ابو حنيفة يعرف
ذالك فدخل ابو حنيفة على ابي جعفر امير المؤمنين وكثر الناس فقال الطوسي
اليوم اقتل ابا حنيفة فاقبل عليه فقال يا ابا حنيفة ان امير المؤمنين يدعو
الرجل منا فيأمره بضرب عنق الرجل لا يدري ما هو ايسعه ان يضرب عنقه فقال
يا ابا العباس امير المؤمنين يأمر بالحق او بالباطل قال بالحق قال نفذ الحق حيث
كان ولا تسأل عنه ثم قال ابو حنيفة لمن قرب منه ان هذا اراد ان يوبقني فربطته
انا محمد بن عبد الواحد انا محمد بن العباس انا احمد بن سعيد
السوسي قال نا عباس بن محمد قال سمعت يحيى بن صقر
يقول دخل الخوارج مسجد الكوفة وابو حنيفة واصحابه جلوس فقال
ابو حنيفة لا تبرحوا فجاؤا حتى وقفوا عليهم فقالوا
لهم ما انتم فقال ابو حنيفة نحن مستجيرون فقال
امير الخوارج دعوهم وابلغوهم مأمنهم واقرؤا عليهم القرآن فقرأوا عليهم
القرآن وابلغوهم مأمنهم انا الخلال انا الحريري ان النخعي حدثهم قال نا
ابو صالح التميمي يحيى بن محمد نا يعقوب بن شيبة قال حدثني سليمان بن
منصور قال حدثني يحيى بن عبد الجبار الحضرمي قال كان في مسجدنا قاص

کہتے ہیں اگر امام صاحب کی عقل کا وزن آدھی دنیا کے لوگوں کی عقل کے ساتھ
کیا جائے تو بھی امام صاحب کی عقل وزن دار رہیگی۔ خارجہ بن مصعب کے
پاس امام صاحب کا ذکر آیا تو کہنے لگے میں نے ایکہزار علما کے ساتھ ملاقات کی میں نے
انمیں تین یا چار عقلمند پائے جنمیں امام صاحب بھی ہیں اور فرمایا جو شخص جرابوں پر
مسح کرنا جائز نہ جانے یا امام صاحب میں واقع ہو وہ ناقص العقل ہے۔ یزید بن
ہارون کہتے ہیں میں نے کسی شخص کو امام صاحب سے زیادہ عقلمند اور پرہیزگار
نہیں پایا۔ محمد بن عبد اللہ انصاری کا بیان ہے کہ امام صاحب کے بولنے میں
انکے چلنے میں اور آنے جانے میں بھی انکی عقلمندی ظاہر ہوتی تھی۔ کوفہ میں
ایک شخص تھا جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو یہودی کہتا تھا ایک مرتبہ
امام صاحب اس کے پاس گئے اور فرمانے لگے میں ایک شخص کا مانگا تیری لڑکی کا

يقال له ذرعه فنسب مسجدنا اليه وهو مسجد الحضرميين فارادت ام ابي
حنيفة ان تستفتي في شئ فافتاها ابوحنيفة فلم تقبل فقالت لا اقبل الا بما يقول
ذرعة القاص فجاء بها ابوحنيفة الى ذرعه فقال هذه امي تستفتيك في كذا وكذا فقال انت
اعلم مني وافقه فافتها انت قال ابوحنيفة قد افتيتها بكذا وكذا فقال ذرعة القول كما قال
ابوحنيفة فرضيت وانصرفت وقال النخعي نا محمد بن محمد الصيدلاني قال حدثني محمد بن شجاع
قال سمعت الحسن بن زياد يقول حلفت ام ابي حنيفة بيمين فحنثت فاستفتت ابا حنيفة فافتاها
فلم ترض وقالت لا ارضى الا بما يقول زرعة القاضي فجاء بها ابوحنيفة الى زرعة فسألته فقال افتيك
ومعك فقيه الكوفة فقال ابوحنيفة افتها بكذا وكذا فافتاها فرضيت اخبرني
ابو بشير محمد بن عمر الوكيل نا ابو الفتح عبد الكريم بن محمد الضبي قال انا عمر بن
احمد الواعظ نا مكرم بن احمد نا احمد بن عطية نا الحماني قال سمعت ابن المبارك
يقول رأيت الحسن بن عمارة اخذ بركاب ابي حنيفة وهو يقول والله
ما ادركنا احدا تكلم في الفقه ابلغ ولا اصبر ولا احضر جوابا منك وانك لسيد
من تكلم فيه في وقتك غير مدافع وما يتكلمون الا حسدا انا علي بن القاسم
البصري الشاهد نا علي بن اسحاق المادرائي قال ذكر ابو داود يعني السجستاني
ولم اسمعه عن نصر بن علي قال سمعت ابن داود يقول الناس في ابي حنيفة

نسبت لایا ہوں وہ شریف ہی بالدار ہے قرآن حافظ ہی ساری رات ایک
رکعت نماز میں گذار دیتا ہی اللہ کے خوف سے بہت روتا ہی اُس نے کہا حضرت
ایسا آدمی کہاں نصیب اس سے کم اچھائی والا ہو تو وہ بھی منظور ہی آپ نے فرمایا
مگر اسمیں ایک برائی ہے وہ یہ کہ یہودی ہی اُس نے کہا سبحان اللہ! آپ
مجھے ایک یہودی کو اپنی لڑکی دینے کو کہتے ہیں؟ امام صاحب نے فرمایا تو کیا تم اپنی
لڑکی نہیں دوگے اُس نے کہا ہرگز نہیں تو فرمایا کیوں صاحب؟ پھر کیا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی لڑکی کا نکاح یہودی سے کر دیا سو سمجھ گیا اور فوراً توبہ کرلی
امام صاحب کے پوتے اسمٰعیل فرماتے ہیں ہمارا ایک پڑوسی رافضی تھا اُس کے دو خچر
تھے ایک کا نام اُس نے ابوبکر رکھ چھوڑا تھا اور دوسرے کو عمر کہا کرتا تھا ایک رات
اُنہیں سے ایک نے اُسے مار ڈالا امام صاحب نے سنکر فرمایا جاؤ دیکھو یہ وہی

حاسد جاهل واحسنهم عندی حالا الجاهل انا محمد بن الحسن بن احمد
الاهوازی نا ابو بکر محمد بن اسحاق بن ابراهیم القاضی بالاهواز قال حدثنی محمد بن
محمد بن غزوة ابو الربیع الحارثی قال سمعت عبد الله بن داود یقول الناس
فی ابی حنیفة رجلان جاهل به وحاسد له وانا الاهوازی نا محمد بن اسحاق
القاضی نا محمود بن محمد الواسطی قال نا سفیان بن وکیع قال سمعت ابی یقول
دخلت علی ابی حنیفة فرأیته مطرقا مفکرا فقال من این اقبلت من عند شریک
ورفع رأسه وانشد یقول ؎ ان یحسدونی فانی غیر لائمهم ۔ قبلی من الناس
اهل الفضل قد حسدوا ۔ فدام لی ولهم ما بی وما بهم ۔ ومات اکثرنا
غیظا بما یجد ۔ قال وکیع واظنه کان بلغه عنه شئ انا احمد بن علی بن
حسین التوزی قال نا الحسن بن الحسین بن جهمان الفقیه الشافعی
قال سمعت ابا نصر احمد بن نصر البخاری یقول سمعت ابا عبد الله الزعفرانی
یقول ذکر محمد بن الحسن ما یجری للناس من الحسد لابی حنیفة فقال
؎ محسدون وشر الناس منزلة ۔ من عاش فی الناس یوما غیر محسود
انا احمد بن علی الیادا انا احمد بن ابراهیم بن شاذان نا محمد بن الحسین
بن حمید بن الربیع نا سلیمان بن الربیع بن هشام الهندی قال سمعت

کا جسکا نام اس نے عمر رکھا تھا لوگوں نے دیکھا تو واقعی وہ وہی تھا۔ ابن المبارک کہتے ہیں کہ کے
سفر میں ایک چکنا اونٹ کا بچہ بھونا اور ارادہ کیا کہ اسکے گوشت کو سرکے سے کھائیں لیکن کوئی ایسا برتن
نہیں ملا جس میں سرکہ نکالیں تو امام حنیفہ نے ریت میں ایک گڑھا بنایا اور اسپر دسترخوان بچھا دیا اور سرکہ ڈال کر وہاں
سے ہم نے گوشت کو سرکہ سے کھایا لوگ تعریفیں کرنے لگے تو آپ نے فرمایا اللہ تعالی کے فضل کرم سے میری
سمجھ میں آگیا ابو یوسف فرماتے ہیں منصور نے امام صاحب کو بلایا تو ربیع نے جو اسکا داروغہ تھا اور امام
صاحب سے جلتا تھا کہا کہ اے امیر المؤمنین یہ شخص آپ کے دادا حضرت عبداللہ بن عباس
رض کے خلاف کرتا ہے وہ کہتے ہیں کہ جب شخص نے قسم کھالی اس کے بعد ایک
دو دن پیچھے انشاء اللہ کہ لیا تو بھی استثنا جائز ہے اور یہ کہتے ہیں جبتک
قسم کے ساتھ ہی متصل نہ ہو جائز نہیں امام صاحب نے جھٹ سے فرمایا اے
امیر المومنین ربیع کا یہ خیال ہے کہ آپ کے لشکر آپکی بیعت کے پابند

الحرث بن ادريس يقول قال ابو وهب العابد قل لمن لا يرى المسح على الخفين
او يقع فى ابى حنيفة انه ناقص العقل انا محمد بن احمد بن رزق انا احمد بن شعيب
البخارى نا على بن موسى القمى حدثنى احمد بن عبدة قاضى الرى نا ابى قال كنا عند
ابن عائشة فذكر حديثا لابى حنيفة فقال بعض من حضر لا تروه فقال له اما
انكم لو رأيتموه لاردتموه وما اعرف لكم مثلا الا ما قال الشاعر اقلوا عليهم ويحكم
لا ابا لكم من اللوم او سدوا المكان الذى سدوا انا ابو سعيد محمد بن
موسى بن الفضل الصيرفى نا ابو العباس محمد بن يعقوب الاصم نا محمد بن
اسحاق الصغانى نا يحيى بن معين قال سمعت عبيد بن ابى قرة يقول سمعت يحيى
بن ضريس يقول شهدت سفيان واتاه رجل فقال له ما تنقم على ابى حنيفة
قال وما له قال سمعته يقول آخذ بكتاب الله فما لم اجد فبسنة رسول الله
صلى الله عليه وسلم فان لم اجد فى كتاب الله ولا سنة رسوله صلى
الله عليه وسلم اخذت بقول اصحابه آخذ بقول من شئت منهم وادع من
شئت منهم ولا اخرج من قولهم الى قول غيرهم فاما اذا انتهى الامر او جاء الى
ابراهيم والشعبى وابن سيرين والحسن وعطاء وسعيد بن المسيب وعدد
رجالا فقوم اجتهدوا فاجتهد كما اجتهدوا قال فسكت سفيان طويلا ثم

نہیں خلیفہ نے پوچھا یہ کیسے؟ کہا وہ آپ کے سامنے قسم کھالیں اور اپنے گھر جاکر
انشاء اللہ کہہ لیں تو اپنی قسم کی پابندی نہیں منصور ہنس دیا اور کہنے لگا ربیع تو ابوحنیفہ
کے منہ نہ لگ جب باہر نکلے تو ربیع کہنے لگا حضرت آج تو آپ نے میرا خون بہانے
کی تجویز کی تھی آپ نے کہا یوں نہیں بلکہ یہ ارادہ تو آپ کا تھا میں نے تو اپنے آپکو
اور تمہیں دونوں کو بچا لیا۔ ابو عباس طوسی امام صاحب کے بارے میں کچھ بدظن
تھے اور امام صاحب کو بھی اس کا علم تھا ایک مرتبہ آپ امیر المؤمنین ابوجعفر
کے پاس گئے جب دربار بھر گیا تو طوسی نے کہا آج میں اس شخص کو قتل کرا کر رہوں گا
پھر کہنے لگا اے ابوحنیفہ امیر المؤمنین اگر ہم میں سے کسی شخص کو حکم دیں کہ فلاں
کی گردن مارو اور اسے یہ نہ معلوم ہو کہ کس جرم پر وہ گردن زدنی قرار دیا گیا ہے
تو اس حکم کی تعمیل کریں یا نہ کریں آپ نے فرمایا اے ابو العباس یہ بتاؤ خلیفہ حق کہتا ہے یا

قال كلمات برأيه ما بقى فى المجلس احد الا كتبه نسمع الشد يد من الحديث فنخافه ونسمع اللين فنرجوه ولا نحاسب الاحياء ولا نقضى على الاموات نسلم ما سمعنا ونكل مالم نعلم ونتهم رأينا لرأيهم قد سقنا عن ايوب السختيانى وسفيان الثورى وسفيان بن عيينة وابى بكر بن عياش وغيرهم من الائمة اخبارا كثيرة تتضمن تقريظ ابى حنيفة والمدح له والثناء عليه والمحفوظ عند نقلة الحديث عن الائمة المتقدمين وهؤلاء المذكورين منهم فى ابى حنيفة خلاف ذالك وكلامهم فيه كثير لامور شنيعة حفظت عليه يتعلق بعضها باصول الديانات وبعضها بالفروع نحن ذاكروها بمشيئة الله ومعتذرون على من وقف عليها وكره سماعها بان ابا حنيفة عندنا مع جلالة قدره اسوة غيره من العلماء الذين دوّنا ذكرهم فى هذا الكتاب واوردنا اخبارهم وحكينا اقوال الناس فيهم على تباينها والله الموفق للصواب۔

اخبرنى عبد الباقى بن عبد الكريم بن عمر المؤدب انا عبد الرحمن بن عمر الخلال نا محمد بن احمد بن يعقوب نا جدى قال حدثنى احمد بن سهل قال سمعت يحيى بن ايوب قال سمعت يزيد بن هرون ذكر ابا حنيفة فقال ابو

ظلم کیا کرتے ہیں یا باطل کا کہا حق کا کہا پھر کیا ہے؟ حق کو جاری کرو جہاں ہو اور کچھ نہ پوچھو پھر اپنے پاس والوں سے کہا دیکھو اس نے مجھے ہلاک کرنے کا قصد کیا تھا مگر اب میں نے اسے باندھ لیا۔ ایک مرتبہ خارجی کوفے کی مسجد میں آگئے اور امام صاحب اپنے ساتھیوں کے ساتھ وہاں بیٹھے ہوئے تھے فرمانے لگے ٹھیر جاؤ وہ لوگ جب آگئے تو کہنے لگے تم کون ہو؟ آپ نے کہا ہم پناہ طلب کرنے والے ہیں پھر خوارج نے کہا انہیں چھوڑ دو اور انہیں انکی امن کی جگہ پہنچا دو انہوں نے قرآن سنایا اور جائے امن تک پہنچا دیا۔ عبد الجبار حضرمی کہتے ہیں کہ ہماری مسجد میں ایک واعظ تھے جن کا نام ذرعہ تھا اور وہ مسجد حالانکہ حضرمیوں کی تھی ذرعہ کی طرف ہی منسوب کی جاتی تھی امام صاحب کی والدہ نے ایک مسئلہ میں فتویٰ لینا چاہا آپ نے فتویٰ دیا لیکن انہوں نے قبول نہ کیا اور کہا جس طرح

حنيفة رجل من الناس خطأه كخطأ الناس وصوابه كصواب الناس أنا محمد بن
احمد بن رزق انا ابو بكر احمد بن جعفر بن محمد بن سلم الختلي قال املى علينا
ابو العباس احمد بن علي بن مسلم الابار في شهر جمادى الآخرة سنة ثمان
وثمانين ومائتين قال ذكر القوم الذين ردوا على ابي حنيفة ايوب السختياني
وجرير بن حازم وهمام بن يحيى وحماد بن سلمة وحماد بن زيد وابو عوانة وعبد
الوارث وسوار العنبري القاضي ويزيد بن زريع وعلي بن عاصم ومالك
بن انس وجعفر بن محمد وعمر بن قيس وابو عبد الرحمن المقرئ وسعيد بن
عبد العزيز والاوزاعي وعبد الله بن المبارك وابو اسحاق الفزاري ويوسف
بن اسباط ومحمد بن جابر وسفيان الثوري وسفيان بن عيينة وحماد بن
ابي سليمان وابن ابي ليلى وحفص بن غياث وابو بكر بن عياش وشريك
بن عبد الله ووكيع بن الجراح ورقبة بن مسقلة والفضل بن موسى وعيسى
بن يونس والحجاج بن ارطاة ومالك بن مغول والقاسم بن حبيب وابن
شبرمة۔

ما حكي عن ابي حنيفة في الايمان

انا الحسين بن محمد بن الحسين اخو الخلال انا جبريل بن محمد المعدل

ذرعہ واعظ کہیں گے ہیں تو اسی کو قبول کروں گی چنانچہ آپ اپنی والدہ کو لیکر ذرعہ
کے پاس آئے اور کہا یہ میری ماں ہیں تم سے فلاں فلاں مسئلہ پوچھتی ہیں انہوں نے
کہا آپ مجھسے زیادہ عالم ہیں آپ ہی جواب دیجئے آپنے کہا میں نے تو انہیں یہ جواب
دیا ہے ذرعہ نے کہا ٹھیک ہی جواب صحیح ہے اب انکی والدہ خوش ہوگئیں اور لوٹ
چلی آئیں۔ آپکی والدہ نے ایک مرتبہ قسم کھائی پھر اسے توڑ دی آپ سے
مسئلہ پوچھا آپ نے بتلایا لیکن وہ رضامند نہ ہوئیں اور کہنے لگیں ہیں تو ذرعہ قاص
کی بات مانوں گی آپ انہیں لیکر ذرعہ کے پاس آئے انہوں نے اُن سے مسئلہ
پوچھا ذرعہ نے کہا تمہارے ساتھ تو کوفہ کے فقیہ ہیں آپ نے کہا میں نے تو انہیں
اس طرح جواب دیا ہے انہوں نے بھی یہی جواب دیا اب وہ راضی ہوگئیں۔ ابن المبارک
کہتے ہیں میں نے حسن بن عمارہ کو دیکھا کہ وہ آپکی رکاب تھامے ہوئے چلے جارہے

بهمدان نا محمد بن حيويه النخاس نا محمود بن غيلان نا وكيع قال سمعت
الثوري يقول نحن المؤمنون واهل القبلة عندنا مؤمنون في المناكحة
والمواريث والصلوٰة والاقرار ولنا ذنوب ولا ندري ما حالنا عند الله قال
وكيع وقال ابو حنيفة من قال بقول سفيان هذا فهو عندنا شاك نحن
المؤمنون هنا وعند الله حقا قال وكيع ونحن نقول بقول سفيان و
قول ابي حنيفة عندنا جرأة انا علي بن محمد بن عبد الله المعدل انا
محمد بن عمرو بن البختري الرزاز نا حنبل بن اسحاق نا الحميدي نا حمزة بن
الحرث بن عمير عن ابيه قال سمعت رجلا يسأل ابا حنيفة في المسجد
الحرام عن رجل قال اشهد ان الكعبة حق ولكن لا ادري هي هذه التي
بمكة ام لا فقال مؤمن حقا وسأله عن رجل قال اشهد ان محمد بن عبد الله
نبي ولكن لا ادري هو الذي قبره بالمدينة ام لا فقال مؤمن حقا قال
الحميدي ومن قال هذا فقد كفر قال وكان سفيان يحدث به عن حمزة
بن الحارث اخبرني حسن بن محمد الخلال نا محمد بن العباس الخزاز نا محمد
بن احمد بن محمد بن حسنويه القرشي انا موسى بن عيسى بن عبد الله الربيع
قال نا محمد بن محمد الناعندي نا ابي قال كنت عند عبد الله بن الزبير

اور کہتے تھے واللہ ہمنے فقہ کے کسی متکلم کو آپ سے زیادہ پہنچا ہوا اور زیادہ واقف
اور زیادہ حاضر جواب نہیں پایا آپ فقہ میں اپنے وقت کے بے روک سردار ہیں
لوگ جو کچھ کہتے ہیں وہ صرف حسد کی وجہ سے کہتے ہیں۔ ابن داؤد کہتے ہیں لوگ
ابوحنیفہ کے بارے میں یا تو حاسد ہیں یا جاہل ہیں اور جاہل اچھے ہیں۔ کہتے ہیں
ابوحنیفہ کے بارے میں لوگ دو طرح کے ہیں جاہل اور حاسد وکیع کہتے ہیں میں
امام صاحب کے پاس گیا دیکھا وہ سر جھکائے متفکر بیٹھے ہیں پوچھنے لگے کہاں سے
آئے ہیں میں نے کہا شریک کے پاس سے تو سر اٹھایا اور اشعار پڑھے۔ جنکا
ترجمہ یہ ہے۔ اگر وہ میرا حسد کریں تو میں انہیں ملامت نہیں کروں گا۔ مجھ سے پہلے
بھی اہل فضل کا حسد کیا گیا۔ بس میرا اور انکا جو کچھ تھا وہ باقی ہی رہا۔ اور اکثر
حسد اور غصہ میں ہلاک ہوگئے۔ وکیع کہتے ہیں شاید آپ کو کوئی خبر انکی طرف سے

فاتاه كتاب احمد بن حنبل الكتب الى ما اشنع مسئلة عن ابی حنیفة فكتب
اليه حدثنی الحرث بن عمير قال سمعت ابا حنيفة يقول لو ان رجلا قال اعرف
لله بيتا ولا ادرى اهو الذی بمكة او غيره امؤمن هو قال نعم ولو ان
رجلا قال اعلم ان رسول الله صلی الله عليه وسلم قد مات ولا ادری
ادفن بالمدينة او غيرها امؤمن هو قال نعم قال الحرث وسمعته
يقول لو ان شاهدين شهدا عند قاض ان فلان بن فلان طلق امرأته
وعلم الناس جميعا انهما شهدا بالزور ففرق القاضی بينهما ثم لقيها احد
الشاهدين فله ان يتزوج بها قال نعم ثم علم القاضی بعد له ان يفرق
بينهما قال لا هكذا قال فی هذه الرواية عن عبد الله بن الزبير الحميدی
عن الحرث بن عمير من غير ان يذكرا بنه بينهما اذ كمحمد بن احمد بن رزق
وابو بكر البرقانی قالا انا محمد بن جعفر بن الهيثم الانباری قال نا جعفر
بن محمد شاکرزاد بن رزق الزاهد ثم اتفقا قال نا جابر السكری الخراسانی
قال سمعت حمزة بن الحرث بن عمير ذكره عن ابيه قال قلت لابی حنيفة
اد قيل له وهو يسمع رجل قال اشهد ان الكعبة حق غير انی لا ادری
اهو هذا البيت الذی يحج الناس اليه ويطوفون حوله او بيت بخراسان

ایسی ہی ملی ہوگی۔ محمد بن حسن سے ایک مرتبہ امام صاحب کے حاسدوں کا ذکر آیا تو وہ
کہنے لگے حسد کرنے والے حسد کرتے رہیں جس شخص سے حسد ورشک نہ کیا جائے
وہ تو بدترین آدمی ہے۔ ابو وہب عابد کہتے ہیں جو شخص جرابوں پر مسح کو جائز
نہ جانے یا امام صاحب کی شان میں واقع ہو وہ ناقص العقل ہے۔ ایک مرتبہ ابن عائشہ
نے امام صاحب کی ایک بات بیان کی تو حاضرین میں سے بعض نے کہا ان کی روایت نہ کیجئے کہنے
لگے اگر تم بھی انہیں دیکھتے تو ان کے مرید بن جاتے۔ تمہاری اور انکی مثال ہی ہے
جو کسی شاعر نے کہی ہے کہ اے بدنصیبو تم یا تو ان پر ملامت کم کرو یا ان جیسے ہوکر
دکھا دو۔ سفیان کے پاس ایک شخص آتا ہے اور کہتا ہے تم امام صاحبؒ کیا گناہ جانتے ہو
وہ تو کہا کرتے تھے میں کتاب اللہ قرآن شریف کو لیتا ہوں اگر نہ پاؤں تو سنت
رسول اللہ حدیث شریف کو لیتا ہوں اگر نہ پاؤں تو جس صحابی کا قول مطابق دلیل

أمؤمن هذا فقال البرقاني أمؤمن هو قال نعم أنا ابن رزق انا جعفر بن
محمد بن نصير الخلدي نا ابو جعفر محمد بن عبد الله بن سليمان الحضرمي في
صفر سنة سبع وتسعين ومائتين نا هامر بن اسماعيل نا مؤمل عن سفيان
الثوري قال نا عباد بن كثير قال قلت لابي حنيفة رجل قال انا اعلم ان
الكعبة حق وانها بيت الله ولكن لا ادري هي التي بمكة او هي بخراسان أمؤمن
هو قال نعم مؤمن هو قلت فما تقول في رجل قال اعلم ان رسول الله ولكن لا
ادري هو الذي كان بالمدينة من قريش او محمد آخر أمؤمن هو قال نعم قال
مؤمل قال سفيان وانا اقول من شك في هذا فهو كافر آنا محمد بن الحسين
بن الفضل القطان انا عبد الله بن جعفر بن درستويه نا يعقوب بن
سفيان حدثني علي بن عثمان بن فضيل نا ابو مسهر نا يحيى بن حمزة
وسعيد يسمع ان ابا حنيفة قال لو ان رجلا عبد هذه النعل يتقرب
به الى الله لم ار بذلك بأسا فقال سعيد هذا الكفر صراحا انا ابو سعيد
الحسن بن محمد بن حسنويه الكاتب باصبهان انا عبد الله بن محمد بن
عيسى بن مزيد الخشاب نا احمد بن مهدي بن محمد بن رستم نا احمد بن
